Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | بدھ، 29 جولائی 2026ء، 14 صفر المظفر 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 102

پیپلز پارٹی کا تیر کشمیر کی وادیوں میں گم گیا، کشمیر میں ہر طرف شیر دھاڑ رہا ہے، عظمیٰ بخاری

پی پی کے ترجمانوں کی غلط فہمی دور ہوگئی، جمع تفریق غلط ثابت ہوئی، درحقیقت یہ لوگ پری پول دھاندلی کے پروگرام میں ناکامی پر پریشان ہیں

جہاں ان کی حکومت بنے وہ الیکشن شفاف، جہاں سے ہار جائیں ادھر دھاندلی ہوتی ہے، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کا شرجیل میمن کے بیان پر ردعمل

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف وفاقی حکومت کے حجم کو مناسب سطح پر لانے (رائٹ سائزنگ) اور اس کی کارکردگی کو بہتر بنانے سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے شرجیل میمن کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ پیارے بھائی! ٹھنڈا پانی پئیں اور سر پر بھی ٹھنڈا پانی ڈالیں، صبح ہوگئی ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ الیکشن ہوگیا ہے، کشمیر کے عوام نے اپنا فیصلہ سنا دیا ہے۔ آپ کی غلط فہمی دور ہوگئی ہے اور آپ کی جمع تفریق غلط ثابت ہو گئی ہے۔ حقیقت میں آپ کے پری پول دھاندلی کے پروگرام ناکام (بقیہ نمبر 13)

دریاؤں میں سیلابی صورتحال بہتر، پانی کا بہاؤ معمول پر آ گیا

دریائے راوی میں بلوکی، سدھنائی کے مقام پر نچلے درجے کی سیلابی صورتحال برقرار

وزیرآباد نالہ پلکھو میں اونچے درجے کا سیلاب برقرار ہے، پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

لاہور (این این آئی) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی پنجاب کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے دریاؤں میں پانی کے بہاؤ میں بتدریج کمی ریکارڈ کی گئی جبکہ بیشتر مقامات پر صورتحال معمول پر آ گئی ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق دریائے سندھ (بقیہ نمبر 18)

ٹوکن ٹیکس پر 10 فیصد رعایت دینے کا اعلان

گاڑی مالکان 31 اگست تک واجب الادا ٹیکس جمع کروا کر رعایت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، محکمہ ایکسائز

لاہور (این ای این) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن پنجاب نے شہریوں کو بڑی سہولت فراہم کرتے ہوئے ٹوکن ٹیکس پر 10 فیصد رعایت کا اعلان کیا ہے۔ تمام گاڑیوں کے مالکان 31 اگست 2026 سے پہلے اپنا واجب الادا (بقیہ نمبر 14)

ہیپاٹائٹس کے خاتمے کیلئے مل کر کردار ادا کرنا ہوگا، مریم نواز

شہریوں کو ہیپاٹائٹس کی سکریننگ اور مفت علاج کی سہولت حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ہیپاٹائٹس کے خاتمے کیلئے سب کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ ہیپاٹائٹس کے عالمی دن پر قوم کے نام پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ سب (بقیہ نمبر 20)

پاور سیکٹر کا گردشی قرض 1740 ارب روپے تک پہنچ گیا

آئی ایم ایف کے ساتھ طے شدہ ہدف کے مطابق اسے 1600 ارب روپے تک محدود رکھنا تھا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) جون 2026 تک پاور سیکٹر کا گردشی قرض بڑھ کر 1740 ارب روپے تک پہنچ گیا، آئی ایم ایف کے ساتھ طے شدہ ہدف کے مطابق اسے 1600 ارب روپے تک محدود رکھنا تھا۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 19)

پنجاب زراعت کے ڈیجیٹل دور میں داخل، کھیت پر ٹیسٹ، موقع پر رپورٹ، فوراً رہنمائی کی جائیگی

کسانوں کیلئے انقلابی پراجیکٹ "لیب آن ویلز" لانچ

لیب آن موبائل کی شفافیت اور کڑی مانیٹرنگ یقینی بنانے کیلئے سینٹرل کنٹرول روم فعال، لیبارٹریز کی ریئل ٹائم جی پی ایس ٹریکنگ کی جائیگی

فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی جانچنے کیلئے لائیو کیمرہ سٹریمنگ اور ڈیش بورڈ مانیٹرنگ کا نظام بھی قائم، ایپ کے ذریعے فیلڈ ٹیم کی موقع پر حاضری کی رجسٹریشن یقینی بنائی جائیگی

لیب آن ویلز سے کسان کے کھیت میں ہی مٹی اور پانی کے نمونوں کا فوری سائنسی تجزیہ کیا جائیگا، سائنسی رپورٹ کا موقع پر ہی فوری اجراء ہوگا، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب میں زراعت کو ڈیجیٹل دور میں داخل۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے کسانوں کے لئے انقلابی پراجیکٹ "لیب آن ویلز" کا آغاز کردیا۔ کسان کی صرف ایک کال سے جدید سائنسی لیبارٹری سیدھی اس کے کھیت میں حاضر ہوجائے گی۔ لیب آن ویلز کی ٹیمز کسان کے کھیت سے مٹی اور پانی کے نمونے آن دی سپاٹ حاصل کرے گی۔ کسان کے کھیت میں ہی مٹی اور پانی کے نمونوں کا فوری سائنسی تجزیہ کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ مٹی کی درست پرکھ اور متوازن کھادوں کا استعمال ہی پنجاب کو زرعی طور پر خودکفیل بنائے گا۔ پنجاب میں زراعت کو روایتی طریقوں سے نکال کر سائنسی اور ڈیجیٹل دور میں داخل کر دیا ہے۔ ہمارا ہدف کسان کی پیداواری لاگت کو کم کرنا اور فی ایکڑ حاصل ہونے والی آمدن کو بڑھانا ہے۔ لیب آن ویلز کے ذریعے کھیتوں کی مٹی کی پی ایچ اور الیکٹریکل کنڈکٹیوٹی (ای سی) کی آن دی سپاٹ (بقیہ نمبر 8)

خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی کی سابق وفاقی وزیر جہانگیر خان ترین سے ملاقات۔ بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کے امور کے وفاقی وزیرِ مملکت عون چوہدری بھی اس موقع پر موجود ہیں

چہلم امام حسینؓ سکیورٹی صفائی اور انتظامات حتمی مرحلے میں

اسسٹنٹ کمشنر واے ایس پی کی فول پروف سکیورٹی، ٹریفک اور بنیادی سہولیات کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

امن کمیٹی، انجمن اشاعتِ عشریہ اور ضلعی اداروں کا مذہبی ہم آہنگی برقرار رکھنے اور شرپسند عناصر کے خلاف سخت کارروائی پر اتفاق

گوجرخان (قمر شہزاد) چہلم حضرت امام حسینؓ کے سلسلے میں امن و امان، سکیورٹی اور انتظامی انتظامات کو مؤثر بنانے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور گورائیہ اور اے ایس پی سید دانیال حیدر کی مشترکہ زیرِ صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں امن کمیٹی، انجمن اشاعتِ عشریہ، متعلقہ محکموں کے افسران اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں چہلم کے موقع پر منعقد ہونے والی (بقیہ نمبر 9)

عازمین حج 2027 کیلئے پاسپورٹ تجدید کے عمل میں سہولت فراہم

اسلام آباد (اے ایف پی) وزارت مذہبی امور عازمین حج 2027 کیلئے پاسپورٹ تجدید کے عمل میں سہولت فراہم کردی گئی، وزارت مذہبی امور کی درخواست پر پاسپورٹ آفس نے (بقیہ نمبر 21)

اربن فلڈنگ اور لینڈ سلائیڈنگ کا الرٹ جاری

ملک میں (آج) سے بارشوں کا نیا طاقتور سپیل داخل ہونے کا امکان

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک بھر میں آج بروز جمعرات 29 جولائی سے بارشوں کے ایک نئے طاقتور سلسلے کے داخل ہونے کی پیشگوئی کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت جاری کردی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بحیرہ عرب اور خلیج بنگال سے آنے والی مون سون ہوائیں بالائی اور وسطی علاقوں کو متاثر کریں گی، جبکہ یکم اگست (بقیہ نمبر 22)

چکوال میں منعقدہ اپنا کھیت اپنا روزگار پروگرام کے تحت مستحق خاندانوں میں لیزر ڈیڈز تقسیم کی جارہی ہیں

چکوال میں اپنا کھیت اپنا روزگار پروگرام کی پہلی تقریب

50 مستحق خاندانوں میں لیز ڈیڈز تقسیم، ایم پی اے مہوش سلطانہ راجہ سمیت اراکینِ قومی وصوبائی اسمبلی کی شرکت

دو خواتین بھی کامیاب مستحقین میں شامل، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کو عملی شکل دینے کی جانب اہم پیش رفت

چکوال (خاور شہزاد) چکوال وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے تحت بے زمین اور مستحق خاندانوں کو معاشی خودمختاری فراہم کرنے کے لیے شروع کیے گئے اپنا کھیت، اپنا روزگار (AKAR) پروگرام کے تحت پنجاب بھر میں لیز ڈیڈز کی تقسیم کی پہلی تقریب ضلع چکوال اور تلہ گنگ کے لیے منعقد کی گئی۔ تقریب میں ایم پی اے مہوش سلطانہ راجہ راجہ سمیت ضلع چکوال اور تلہ گنگ (بقیہ نمبر 15)

سندھ میں ایچ آئی وی کے 4 بڑے آؤٹ بریکس، سیکڑوں بچے متاثر

کراچی (این این آئی) سندھ میں گزشتہ تقریباً ایک دہائی کے دوران ایچ آئی وی ایڈز کے 4 بڑے آؤٹ بریکس سامنے آچکے ہیں مگر اس کے باوجود انفیکشن کنٹرول، سرنجوں کے محفوظ استعمال، بلڈ اسکریننگ، (بقیہ نمبر 24)

شہدا پیکیج کے تحت پولیس اہلکاروں کو گھر اور مالی مراعات دینے کی منظوری

صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان کی زیر صدارت محکمہ داخلہ میں اہم اجلاس

لاہور (آئی آئی پی) محکمہ داخلہ پنجاب نے 14 شہدائے پولیس کو گھر اور مالی مراعات دینے کی منظوری دے دی۔ صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان کی زیر صدارت محکمہ داخلہ میں اہم اجلاس ہوا، فرائض کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والے پولیس ملازمین کیلئے شہدا پیکج کی منظوری دی گئی، 14 شہدا پولیس کیلئے مختلف شہید پیکجز کی منظوری دی گئی۔ صوبائی وزیر نے تمام شہدا کے ورثا کو مالی واجبات اور مراعات بروقت فراہم کرنے (بقیہ نمبر 23)

گرانفروشوں کیخلاف کارروائیاں مزید موثر بنانے کی ہدایت

یکم جولائی سے 27 جولائی 2026 کے دوران ضلع بھر میں 82,273 انسپکشنز کی گئیں

عوام کو اشیائے ضروریہ مقررہ نرخوں پر فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ملیحہ سحر

راولپنڈی (این ای این) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) راولپنڈی ملیحہ سحر کی زیرِ صدارت ضلع بھر کے پرائس مجسٹریٹس کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اشیائے ضروریہ کی سرکاری نرخوں پر دستیابی، پرائس کنٹرول اقدامات، گراں فروشوں کے خلاف کارروائیوں اور فیلڈ کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں تمام پرائس مجسٹریٹس کو ہدایت کی گئی کہ مارکیٹوں، بازاروں اور تجارتی مراکز میں روزانہ کی بنیاد (بقیہ نمبر 10)

راولپنڈی: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملیحہ سحر ڈسٹرکٹ پرائز کنٹرول مجسٹریٹس کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

روان سال پاکستان پر 400 سے زائد سائبر حملے کئے گئے

ہمیں ایک مضبوط نیشنل سائبر سکیورٹی اتھارٹی کی ضرورت ہے، ڈاکٹر حیدر عباس

اسلام آباد (اے ایف بی) نیشنل سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم پاکستان کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر حیدر عباس نے انکشاف کیا ہے کہ رواں سال پاکستان پر 400 سے (بقیہ نمبر 32)

راولپنڈی: پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب، وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی اور دیگر رہنما چوہدری نواز حویلی، رتہ امرال میں کشمیر انتخابات کے حوالے سے کارکنوں کے اجتماع میں شریک ہیں

وفاقی سماجی تحفظ کے پروگراموں میں 14 ارب روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف

اسلام آباد (آئی آئی پی) وفاقی سماجی تحفظ کے پروگراموں میں 14 ارب روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، بیت المال، ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹس انسٹی ٹیوشن اور وزارت تخفیفِ غربت میں مالی بے قاعدگیوں اور کمزور کنٹرول سسٹم کی نشاندہی ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سماجی تحفظ کے (بقیہ نمبر 27)

فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا بزدلانہ حملہ، ایک شہری شہید

ہلاکتوں کے بعد فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد بوکھلاہٹ کا شکار ہیں

کوئٹہ (اے ایف بی) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے میں ایک شہری شہید جبکہ بچے سمیت 4 افراد زخمی ہو (بقیہ نمبر 33)

ٹیلی کام سروسز بلاتعطل رکھنے کیلئے وزارت آئی ٹی کی ہدایات جاری

نیٹ ورک اور انفراسٹرکچر کو محفوظ بنانے کیلئے پیشگی اقدامات یقینی بنائیں

اسلام آباد (این این آئی) وزارت آئی ٹی نے مون سون بارشوں اور ممکنہ ہنگامی صورتحال کے پیشِ نظر ملک بھر میں ٹیلی کام سروسز کو بلاتعطل برقرار رکھنے کے لیے متعلقہ اداروں اور کمپنیوں کو ضروری ہدایات جاری کر دی ہیں۔ وزارت آئی ٹی نے تمام ٹیلی کام کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے نیٹ ورک اور انفراسٹرکچر کو محفوظ بنانے کیلئے پیشگی اقدامات (بقیہ نمبر 28)

مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی کا سفر مزید تیز کریگی

آزاد کشمیر انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کی کامیابی عوام کے اعتماد کا مظہر ہے، شاہ نواز رانجھا

عوام نے خدمت، ترقی اور عملی کارکردگی کی سیاست پر ایک بار پھر اعتماد کا اظہار کیا، ڈویژنل صدر سرگودھا

سرگودھا (طارق قاسمی سے) ڈویژنل صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) سرگودھا ڈویژن چوہدری شاہ نواز رانجھا نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے انتخابات کے پہلے مرحلے میں مسلم لیگ (ن) کی شاندار کامیابی عوام کے بھرپور اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے آزاد کشمیر کے عوام، پارٹی قیادت اور کارکنان کو اس کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ فتح مسلم لیگ (ن) کی عوام دوست (بقیہ نمبر 11)

ثاقب چدھڑ اور اہلیہ کی عبوری ضمانت میں توسیع

ثاقب چدھڑ کی حد تک تفتیش مکمل ہوچکی ہے، تفتیش میں قصوروار پائے گئے ہیں، تفتیشی افسر

لاہور (این این آئی) سیشن کورٹ لاہور میں اداکارہ مومنہ اقبال کو مبینہ طور پر ہراساں کرنے اور دھمکیاں دینے کے مقدمے میں مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی ثاقب چدھڑ اور ان کی اہلیہ سمیرا کی عبوری ضمانت کی درخواست پر سماعت کے دوران عبوری ضمانت میں توسیع کر دی گئی۔ ایڈیشنل سیشن جج نصرت صدیقی نے کیس کی سماعت کی، (بقیہ نمبر 29)

کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری کے ہمراہ ٹی ایچ کیو ہسپتال ساہیوال کے دورہ پر مریضوں سے دستیاب طبی سہولیات بارے آگاہی لے رہے ہیں

سابق ٹیسٹ کرکٹر محمد خلیل کی شیر خوار بیٹی کرنٹ لگنے سے جاں بحق

لاہور (آئی آئی پی) پاکستان کے سابق ٹیسٹ کرکٹر محمد خلیل کی شیر خوار بیٹی کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوگئی، کرکٹر نے افسوسناک واقعے کی تصدیق کردی۔ 10 ماہ کی بچی کی ہلاکت گھر میں کھیلتے ہوئے کرنٹ لگنے سے ہوئی، محمد خلیل امریکا میں لیگ کرکٹ کھیلنے گئے (بقیہ نمبر 35)

لاہور میں مریم نواز اسپورٹس سٹی کے منصوبے میں پیشرفت

اربوں روپے کی لاگت سے جدید، مربوط، عالمی معیار کا سپورٹس سٹی تعمیر کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صوبے میں کھیلوں کے فروغ اور جدید سہولیات کی فراہمی کے لیے ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے لاہور میں مریم نواز اسپورٹس سٹی کے قیام کے منصوبے کی فزیبلٹی اسٹڈی کی منظوری دے دی۔ منصوبے کا مقصد عالمی معیار کی کھیلوں کی سہولیات فراہم کرنا اور بین الاقوامی معیار کا جدید اسپورٹس کمپلیکس قائم کرنا ہے۔ منصوبے کے تحت لاہور میں تقریباً 300 ایکڑ رقبے پر اربوں روپے کی لاگت سے ایک جدید، مربوط اور (بقیہ نمبر 34)

اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ محمد اقبال کی بروقت کارروائی

سرکاری اراضی پر مبینہ قبضے کی کوشش ضلعی انتظامیہ اور پی ٹی سی ایل انتظامیہ کی بروقت مداخلت کے باعث ناکام بنادی گئی

بزنس مینجنگ ڈائریکٹر پی ٹی سی ایل ناصر کا فوری ایکشن مبینہ غیر قانونی دیوار مسمار، ایکسچینج انچارج ارسلان شاہ بھی موقع پر موجود

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآسیدن شاہ میں واقع پی ٹی سی ایل ایکسچینج آفس کی سرکاری اراضی پر مبینہ قبضے کی کوشش ضلعی انتظامیہ اور پی ٹی سی ایل انتظامیہ کی بروقت مداخلت کے باعث ناکام بنادی گئی۔ عوامی ذرائع سے موصول ہونے والی اطلاعات اور ویڈیو شواہد کے مطابق اتوار کے روز، سرکاری تعطیل کا مبینہ طور پر ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے بعض افراد نے مزدوروں کے ذریعے اراضی کے ایک حصے پر تعمیراتی کام شروع کر رکھا تھا۔ معاملہ میڈیا پر سامنے آتے ہی اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن (بقیہ نمبر 12)

اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ محمد اقبال کی بروقت کارروائی میں پی ٹی سی ایل ایکسچینج آفس کی سرکاری اراضی پر مبینہ قبضے کی کوشش ناکام بنادی گئی

کمشنر سرگودھا حافظ شوکت کا ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ ٹی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ

ادویات کی سو فیصد فراہمی، اور بہترین علاج کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت، کمشنر کا ساہیوال میں پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے منصوبوں کا معائنہ

معیار اور بروقت تکمیل پر زور، بارشی پانی کی نکاسی، سٹوریج اور دیگر ترقیاتی سکیموں میں اعلیٰ معیار یقینی بنانے کی ہدایت

سرگودھا (طارق قاسمی سے) کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی نے ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری کے ہمراہ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ساہیوال کا اچانک دورہ کیا۔ کمشنر نے مختلف وارڈز، ایمرجنسی، لیبارٹری اور دیگر شعبہ جات کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے علاج معالجے، ادویات کی دستیابی اور ہسپتال کی (بقیہ نمبر 16)

کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری کے ہمراہ پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت تحصیل ساہیوال میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لے رہے ہیں

رومانیہ نے روسی سفارتکار کو 5 دنوں میں ملک چھوڑنے کا حکم دے دیا

بخارسٹ (آئی آئی پی) رومانیہ کی وزارت خارجہ نے ایک روسی سفارت کار کو کو نان گراٹا قرار دیتے ہوئے اسے پانچ دنوں کے اندر رومانیہ کی سرزمین (بقیہ نمبر 26)

شہباز شریف کی آزاد کشمیر کے انتخابات کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد

مسلم لیگ (ن) کی ٹیم نے آزاد کشمیر میں انتہائی کامیاب انتخابی مہم چلائی، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے پہلے مرحلے کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ قائد میاں محمد نواز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) کی ٹیم نے آزاد کشمیر میں انتہائی (بقیہ نمبر 25)

بلدیاتی نظام میں اصل طاقت عوام کی ہے، خاقان وحید خواجہ

ہم کونسلر کی سطح پر اختیارات کی منتقلی کے حامی ہیں بغیر اقتدار کے ہم عوامی سطح پر وہ کام کر رہے ہیں جو گزشتہ کئی سالوں سے کسی نے نہیں کرائے

سربراہ پاکستان عوامی قوت پارٹی سے نمبردار راجہ رحیم، راجہ عبدالرافع، عبداللہ کیانی، راجہ ادیب، راجہ اظہر، راجہ اعجاز، محمد دائم وغیرہ کی ملاقات

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ بلدیاتی نظام میں اصل طاقت عوام کی ہے اور ہم کونسلر کی سطح پر اختیارات کی منتقلی کے حامی ہیں (بقیہ نمبر 17)

پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں جن میں نمبردار راجہ رحیم۔ راجہ عبدالرافع۔ عبداللہ کیانی۔ راجہ ادیب راجہ اظہر۔ راجہ یاسر۔ چوہدری ظفر۔ ابرار احمد یاد۔ اور محمد دائم شامل ہیں

انتخابی عمل شفافیت سے مکمل ہوا، چیف الیکشن کمشنر آزاد کشمیر

لوگوں نے بڑی تعداد میں حق رائے دہی استعمال کیا، جسٹس غلام مصطفیٰ مغل

مظفرآباد (این این آئی) چیف الیکشن کمشنر آزاد جموں و کشمیر جسٹس (ر) غلام مصطفیٰ مغل نے کہا ہے کہ آزاد جموں و کشمیر میں انتخابی عمل کا پہلا مرحلہ آزادانہ اور شفاف طریقے سے مکمل ہوا۔ چیف الیکشن کمشنر آزاد جموں و کشمیر جسٹس ریٹائرڈ غلام مصطفیٰ (بقیہ نمبر 30)

پنجاب کے پانچ بڑے شہروں میں جدید ٹریفک وارڈن سسٹم کا آغاز

ابتدائی مرحلے میں لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، ملتان، گوجرانوالہ میں نافذ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں شہریوں کو بہتر ٹریفک سہولیات کی فراہمی کے لیے جدید ٹریفک وارڈن سسٹم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ یہ نظام ابتدائی مرحلے میں لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، ملتان اور گوجرانوالہ میں نافذ کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق نئے نظام (بقیہ نمبر 31)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

سیلاب کے خدشات اور پیشگی انتظامات

ملک بھر میں مون سون کی بارشوں کا سلسلہ جاری ہے اور کئی علاقے بالخصوص صوبہ پنجاب اس وقت سیلابی خدشات کی زد میں ہے۔ ایک طرف مون سون کے نئے سپیل سے مختلف شہروں میں اربن فلڈنگ کا خدشہ ہے جبکہ دوسری جانب دریاؤں میں پانی کی بلند ہوتی سطح خطرے کی گھنٹی بجا رہی ہے۔ پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق دریائے سندھ میں کالا باغ' چشمہ اور تونسہ کے مقام پر' دریائے راوی میں سدھنائی کے مقام پر اور نارروال کے نالہ بسنتر میں نچلے درجے کا جبکہ وزیر آباد میں نالہ پلکھو میں اونچے درجے کا سیلاب ہے۔ بالائی علاقوں میں بارشیں رکنے سے دریائے چناب میں سیلابی صورتحال میں کمی ہو رہی ہے تاہم بھارت کی آبی جارحیت اور باکھڑا ڈیم سے پانی چھوڑنے کے باعث مرالہ' خانکی' قادر آباد اور تریموں کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے۔ دریائے ستلج اور جہلم میں اس وقت پانی کا بہاؤ نارمل ہے۔ دوسری طرف فیروز والا میں شدید بارش کے باعث کئی علاقے زیر آب آ گئے جبکہ نالے میں طغیانی سے ریلوے کا ایک پُل بھی بہہ گیا جس سے لاہور سے فیصل آباد ریلوے سیکشن پر ٹرین آپریشن عارضی طور پر معطل ہو گیا اور متعدد ٹرینوں کے روٹس تبدیل اور بعض ٹرینیں منسوخ کر دی گئیں۔ مریدکے' منڈی بہاء الدین' چنیوٹ' سیالکوٹ' مظفر گڑھ اور جھنگ سمیت متعدد علاقوں میں پانی کھیتوں میں داخل ہونے سے ہزاروں ایکڑ پر کھڑی فصلیں تباہ ہو گئیں۔ محکمہ موسمیات 29 جولائی سے بارشوں کے نئے سلسلے کا امکان ظاہر کر رہا ہے۔

بھارت میں پنجاب کے دریاؤں پر بنائے گئے اکثر ڈیم پہلے ہی بھر چکے ہیں اس لیے اُن علاقوں میں رواں ہفتے مزید بارشوں کی صورت میں اضافی پانی پاکستان کی طرف ہی چھوڑا جانے کا خدشہ ہے۔ اس صورتحال میں ضروری ہے کہ ممکنہ خطرات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکمت عملی تشکیل دی جائے۔ بھارت کی جانب سے کتنا پانی چھوڑا جا سکتا اور اسکے ہمارے علاقوں میں جو اثرات ہو سکتے ہیں اس حوالے سے متعلقہ اداروں کو چوکس رہنا چاہیے۔ پانی آنے کے بعد تو صرف ریسکیو ہی کا کام کیا جا سکتا' اپنے شہروں کو سیلابوں سے محفوظ بنانے کیلئے ہمیں دیرپا پلاننگ کرنا ہوگی۔ عالمی موسمیاتی تغیرات کے ساتھ بے موسمی اور غیر معمولی بارشیں اب معمول بن چکی ہیں اور بارشوں کے نقصانات کی شدت ہر سال بڑھتی جا رہی ہے۔ گزشتہ برس مون سون میں بارشوں اور سیلاب سے ملک کو 822 ارب روپے کا نقصان ہوا۔ دو لاکھ سے زائد افراد ملک بھر میں اپنی ملازمتوں سے محروم ہو گئے جبکہ ملک کی معاشی نمو بھی شدید متاثر ہوئی اور جی ڈی پی نمو کا ہدف تک کم کرنا پڑا۔ ہمارے لیے سیلاب سماجی سے زیادہ اب معاشی بقا کا بھی مسئلہ بن چکے ہیں۔ گزشتہ برس مون سون سیزن میں ملک بھر میں اوسط بارش 172.8 ملی میٹر ریکارڈ کی گئی' جو معمول کی 140.9 ملی میٹر بارش سے 23 فیصد زیادہ تھی۔ موسمیاتی ماہرین رواں سال بھی زیادہ بارشوں اور ایل نینو اثرات کے سبب مون سون کے فوری بعد سے 2027ء کے ابتدائی مہینوں تک بارشوں کی کمی اور خشک سالی کا خطرہ ظاہر کر رہے ہیں۔

مشرقِ وسطیٰ جنگ اور صہیونی ذہنیت

رشید صافی

مشرقِ وسطیٰ میں طویل ہوتی جنگ کی اصل وجہ وہ صہیونی سوچ ہے جو اپنے سیاسی اور ذاتی مفادات کیلئے خطے کے امن کو بالائے طاق رکھنے پر تلی ہوئی ہے۔ اپریل میں طے پانے والے اسلام آباد میمورنڈم اور جون میں سوئٹزرلینڈ کے امن معاہدے کے بعد خطے میں صورتحال تیزی سے معمول پر آنے لگی تھی' امریکہ اور ایران سمیت تمام اہم علاقائی اور عالمی فریق اس پیشرفت کا خیر مقدم کر رہے تھے اور کئی ماہ سے جاری سفارتی کوششوں کے مثبت اثرات دکھائی دینے لگے تھے' تاہم اس پورے عمل کا ایک ایسا پہلو بھی تھا جو اسرائیلی قیادت کیلئے ناقابلِ قبول تھا' وہ یہ کہ ایران نے اس معاہدے کے ذریعے اپنی بنیادی شرائط منوا کر سفارتی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کر لی تھی۔ ایرانی مؤقف کی اس پذیرائی سے عالمی سطح پر یہ تاثر ابھرا کہ تہران نے جنگ کے اس مرحلے میں سیاسی اور اخلاقی برتری قائم کر لی ہے' جس کا براہِ راست مطلب اسرائیل کی ہزیمت اور اس کی طے شدہ پالیسی کی ناکامی تھا۔ صہیونی لابی اس صورتحال کو برداشت کرنے کیلئے تیار نہیں تھی' چنانچہ انہوں نے واشنگٹن پر دباؤ بڑھایا تاکہ امریکہ کو ایران کے خلاف دوبارہ فوجی کارروائی پر آمادہ کیا جا سکے۔ یہ سازش اس وقت عملی شکل اختیار کر گئی جب ایرانی قوم اپنے سابق سپریم لیڈر سید علی خامنہ ای کی آخری رسومات میں مصروف تھی۔ امریکہ نے انتہائی معمولی اور غیر مصدقہ واقعات کو جواز بنا کر ایران پر دوبارہ حملے شروع کر دیے۔ ایک ایسا اقدام جس نے عالمی برادری کو حیرت میں ڈال دیا کیونکہ فریقین کے درمیان باقاعدہ معاہدے کے تحت جنگ بندی نافذ العمل تھی۔ لیکن حقیقت میں یہ تل ابیب کی اسی دیرینہ خواہش کی تعمیل تھی جس کیلئے امریکہ نے ایک بار پھر پورے خطے کے امن کو داؤ پر لگا دیا۔

اسرائیلی حکمتِ عملی کا دوسرا اہم مقصد یہ تھا کہ کسی طرح مسلم ممالک کو ایک دوسرے کے سامنے لا کھڑا کیا جائے۔ اس مقصد کیلئے خفیہ مقامات سے میزائل داغ کر یہ تاثر دینے کی کوشش کی گئی کہ ایران نے سعودی عرب پر حملے کیے ہیں۔ تاہم سعودی قیادت نے اس چال کو وقت پر سمجھ لیا اور تدبر کے ساتھ تہران کے خلاف محاذ آرائی سے گریز کیا۔ جب مسلم ممالک کو آپس میں لڑانے کا یہ منصوبہ ناکام ہوتا دکھائی دیا تو اسرائیل نے جنگ کو دیگر محاذوں تک پھیلانے کا راستہ اختیار کیا۔ آج اگر اس تصادم کا دائرہ لبنان سے لے کر یمن تک پھیل رہا ہے تو صہیونی طاقتیں اسے اپنے مفادات کیلئے خطے کے امن کو بالائے طاق رکھنے پر تلی ہوئی ہے۔ حوثیوں کے سعودی عرب پر حملے جہاں مسلم دنیا کیلئے تشویش کا باعث ہیں وہی صہیونی لابی کیلئے اطمینان کا باعث ہیں کیونکہ ان کی پالیسی ہمیشہ یہی رہی ہے کہ خطے میں تنازعات کی آگ بھڑکا کر خود اس کے اثرات سے محفوظ رہا جائے۔

پاکستان' قطر اور ترکیہ جیسے ممالک نے اس بگاڑ کو روکنے کے لیے بھرپور سفارتی کوششیں کی ہیں لیکن یہ حقیقت اب آشکار ہو چکی ہے کہ امریکی پالیسی سازی پر اسرائیلی لابی کا دباؤ انتہائی شدید ہے۔ اگرچہ واشنگٹن میں ایسی آوازیں بھی ابھریں جنہوں نے امریکی عوام کے ٹیکسوں اور قومی مفادات کو غیر ملکی تنازعات میں جھونکنے کی مخالفت کی مگر وہ لابی کے پروپیگنڈا کے سامنے مؤثر ثابت نہ ہو سکیں۔ اب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیانات کا جائزہ لیا جائے تو یوں لگتا ہے کہ وہ اس جنگ کو طول دینے کے حق میں نہیں۔ ان کے بیانات سے محسوس ہوتا ہے کہ امریکہ اس تصادم سے نکلنے کی راہ تلاش کر رہا ہے۔ اسلام آباد مذاکرات اور سوئٹزرلینڈ کے فریم ورک نے امریکہ کو اس دلدل سے نکلنے کا ایک بہترین موقع فراہم کیا تھا لیکن صہیونی دباؤ کے تحت اس معاہدے کو سبوتاژ کر دیا گیا۔ پچھلے دو ہفتوں سے جاری شدید امریکی حملوں کے باوجود ایرانی قیادت اور عوام نے جس ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا ہے وہ عسکری ماہرین کے نزدیک ان کی سب سے بڑی کامیابی ہے۔ ایران نے اپنے اہم ترین رہنماؤں کو کھویا اور شدید معاشی دباؤ برداشت کیا' لیکن نظریاتی طور پر وہ مزید متحد ہو کر سامنے آیا جس کا واضح ثبوت سابق سپریم لیڈر کے جنازے کے موقع پر دیکھا گیا۔ اس پس منظر میں یہ بات یقینی ہے کہ اگر یہ جنگ برسوں بھی جاری رہے تو بھی ایران کو عسکری طاقت کے ذریعے جھکانا ممکن نہیں ہوگا۔ ایسی صورتحال میں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا سفارتکاری کے ذریعے وقار کے ساتھ اس تنازع کا خاتمہ ہی واحد منطقی راستہ نہیں؟ اس حوالے سے صدر ٹرمپ کا یہ بیان خوش آئند ہے کہ وہ مذاکرات کے ذریعے اس جنگ کا خاتمہ چاہتے ہیں۔ اقوام متحدہ میں امریکی سفیر مائیک والٹز کا یہ بیان کہ صدر ٹرمپ نے سفارتکاری کو موقع دینے کیلئے ایران پر فضائی حملے عارضی طور پر معطل کیے ہیں' ایک اہم پیشرفت ہے۔ ایران کے خلاف دو راتوں سے امریکی کارروائیوں کا رکنا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ پاکستان' قطر اور عمان کی ثالثی میں جاری کوششیں اب بھی فعال ہیں۔ تاہم یہ بات پیشِ نظر رکھنی ہوگی کہ پہلے ہی جنگ بندی کے باوجود امریکہ کی جانب سے دوبارہ حملے کرنے سے سفارتی عمل کو شدید دھچکا لگا ہے۔ اب اگر ثالثوں کی کوششوں سے فریقین دوبارہ مذاکرات کی میز پر بیٹھتے بھی ہیں تو ایران انتہائی تحفظات کے ساتھ آئے گا۔ اپریل میں جب پاکستان کی کوششوں سے اسلام آباد مذاکرات شروع ہوئے تھے تو تہران کو قائل کرنا آسان نہ تھا' لیکن انہوں نے ثالثوں کے اعتماد پر قدم آگے بڑھایا۔ اب دوبارہ وہ اعتماد بحال کرنا قدرے مشکل ہوگا لیکن ایران بھی تو جنگ کا خاتمہ چاہتا ہے کیونکہ یہ جنگ ایران پر مسلط کی گئی ہے۔ چونکہ امن کا پائیدار راستہ مکالمے سے نکلتا ہے' اس لیے اگر سفارتکاری کو ایک ہزار بار بھی موقع دینا پڑے تو عالمی مفاد میں ایسا کیا جانا چاہیے۔

ایران نے بھی سفارتی راستے کھلے رکھنے کا اشارہ دیا ہے۔ ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے آسٹریا کے نشریاتی ادارے سے گفتگو میں واضح کیا کہ ایران نے معاہدے کے تحت 30 دن کے اندر آبنائے ہرمز سے بحری آمد و رفت کو محفوظ بنانے کا اپنا وعدہ پورا کیا لیکن اس مدت کے ختم ہونے سے پہلے ہی امریکہ نے نئے واقعات کو بنیاد بنا کر حملے کر دیے جبکہ ایران کے منجمد اثاثوں کو بحال کرنے کی شق پر بھی عمل نہیں کیا گیا۔ ایران کا یہ مؤقف ظاہر کرتا ہے کہ وہ اب بھی سفارتی حل کا حامی ہے بشرطیکہ طے پانے والے معاہدوں کی پاسداری کی جائے۔ امن کو سبوتاژ کرنے والا محرک اسرائیلی ہے' غزہ سے شروع ہونے والی جنگ کئی ممالک کو اپنی لپیٹ میں لے چکی ہے اور یہ خالصتاً اسرائیل کے مفادات کی جنگ ہے اس لیے امریکہ کو اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی کرنی ہوگی۔ جب تک اسرائیل کے امن دشمن اقدامات پر کھل کر بات نہیں ہوتی اور اس کا سدباب نہیں کر لیا جاتا' امن مذاکرات کا حتمی نتیجے پر پہنچنا آسان نہیں ہوگا۔ آئندہ سفارتی کوششیں اسی صورت کارگر ثابت ہو سکتی ہیں جب امریکہ اپنے کیے گئے وعدوں پر قائم رہے اور کسی تیسرے فریق کو اس امن عمل کو ناکام بنانے کی اجازت نہ دے۔

سٹیٹ بینک کی مہنگائی سے لڑائی؟

شاہد کاردار

سٹیٹ بینک آف پاکستان ہر دو ماہ بعد نئی شرحِ سود کا اعلان کرتا ہے۔ یہ شرح بڑھانے پر کہا جاتا ہے کہ سٹیٹ بینک مہنگائی کے خلاف لڑ رہا ہے اور جب شرح کم کی جاتی ہے تو کہا جاتا ہے کہ بینک کاروبار کی ترقی میں مدد دینا چاہتا ہے۔ دونوں صورتوں میں پیغام ہمیشہ ایک ہی ہوتا ہے: سٹیٹ بینک شرحِ سود کے ذریعے نہایت احتیاط سے معیشت کی رہنمائی کر رہا ہے۔ لیکن ایک بات ایسی ہے جس کے بارے میں عوام کو بہت کم بتایا جاتا ہے۔ آج ہم اس پوشیدہ نکتے پر بات کرتے ہیں۔

ایک طرف سٹیٹ بینک مہنگائی کو قابو میں رکھنے کا دعویٰ کرتا ہے تو دوسری طرف خاموشی سے نجی بینکوں کو تقریباً 16 ہزار ارب روپے قرض بھی دے رہا ہے۔ مرکزی بینک کے اس عمل پر عوامی سطح پر بہت کم بات ہوتی ہے لیکن اس کارروائی سے ایک واضح سوال جنم لیتا ہے: اگر سٹیٹ بینک معاشی نظام میں موجود رقم (زر) کی مقدار کم کرنا چاہتا ہے تو پھر وہ بینکاری نظام میں کھربوں روپے کیوں ڈال رہا ہے؟ اس سوال کا جواب اس بات میں پوشیدہ ہے کہ یہ رقم درحقیقت کس مقصد کیلئے استعمال ہو رہی ہے۔ یہ نئی فیکٹریوں یا پیداواری کاروباروں کی مالی معاونت کیلئے استعمال نہیں ہو رہی بلکہ یہ رقم حکومت کو اس کے بے تحاشا اخراجات میں مدد دینے کیلئے استعمال ہو رہی ہے۔ حکومت ٹیکسوں کی مد میں حاصل ہونے والی آمدنی سے کہیں زیادہ خرچ کرتی ہے۔ اس فرق کو پورا کرنے کیلئے وہ نجی بینکوں سے قرض لیتی ہے۔ چونکہ حکومتی قرض کا حجم بہت زیادہ ہوتا ہے اس لیے بالآخر بینکوں کے پاس ڈپازٹس کیلئے رقوم کم پڑنے لگتی ہیں۔ پھر سٹیٹ بینک مداخلت کرتا ہے اور بینکوں کو قرض دیتا ہے تاکہ وہ حکومت کو قرض دیتے رہیں۔ اس طرح حکومت کا نظام چلتا رہتا ہے۔ بینکوں کے پاس رقوم کی دستیابی برقرار رہتی ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ نئی رقم (زر) بھی مسلسل نظام میں شامل ہوتی رہتی ہے۔ اسی عمل سے ملک کی مالیاتی پالیسی میں ایک بنیادی تضاد جنم لیتا ہے۔ سٹیٹ بینک کہتا ہے کہ وہ شرح سود بڑھا کر مہنگائی کو کم کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ بلند شرح سود کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ لوگ اور کاروبار کم خرچ کریں' طلب میں کمی آئے اور قیمتوں میں اضافہ کی رفتار سست ہو جائے۔ لیکن جب کھربوں روپے نجی بینکوں میں ڈالے جائیں گے تو اس سے معاشی نظام میں دستیاب رقم (زر) کی مقدار بھی بڑھے گی۔ زیادہ رقم کا مطلب ہے زیادہ اخراجات جس سے قیمتیں مزید اوپر چلی جاتی ہیں۔ یعنی ایک پالیسی آگ بجھانے کی کوشش کر رہی ہے جبکہ دوسری مسلسل آگ بھڑکانے کیلئے اس میں ایندھن ڈال رہی ہے۔

اگر حکومتی اخراجات بدستور بے قابو رہتے ہیں تو سٹیٹ بینک کے اس دعوے میں کوئی سنجیدگی نہیں کہ صرف شرحِ سود مہنگائی پر قابو پا لے گی۔ جب ہم حکومت کے حقیقی قرض کی لاگت کو دیکھتے ہیں تو یہ مسئلہ مزید واضح ہو جاتا ہے۔ ظاہری طور پر حکومت بلند شرحِ سود ادا کرتی ہے لیکن سٹیٹ بینک نجی بینکوں کو قرض دے کر منافع کماتا ہے اور بعد میں اس منافع کا بڑا حصہ دوبارہ حکومت کو منتقل کر دیتا ہے۔ نتیجتاً حکومت کی قرض لینے کی خالص لاگت نہایت معمولی رہ جاتی ہے۔ یہ لاگت نصف فیصد سے بھی کم ہے۔ جب قرض تقریباً مفت ہو تو کوئی بھی حکومت کم خرچ کیوں کرے گی؟

دوسری جانب کاروباری حلقے مسلسل شرحِ سود میں کمی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ ان کا مؤقف ہے کہ قرضوں کی بلند لاگت سرمایہ کاری کو نقصان پہنچاتی ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ممکن ہے انہیں پہلے ہی کم شرح سود پر قرض مل رہے ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر سٹیٹ بینک نجی بینکوں میں رقم ڈپازٹ کرنا بند کر دے تو بینکوں کو ڈپازٹس حاصل کرنے کیلئے کہیں زیادہ سخت مقابلہ کرنا پڑے۔ اس کے نتیجے میں بازار کی شرح سود آج کی پالیسی شرح سے بھی زیادہ ہو جائے گی۔ دوسرے لفظوں میں موجودہ شرح سود پہلے ہی مصنوعی طور پر کم رکھی جا رہی ہے۔ اس لیے کاروباری ادارے ایک ایسی رعایت سے فائدہ اٹھا رہے ہیں جس کا انہیں مکمل طور پر احساس بھی نہیں۔ ایک اور غلط فہمی مہنگائی کی وجوہات سے متعلق ہے۔ بہت سے پالیسی ساز مہنگائی کا ذمہ دار تیل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں یا عالمی منڈیوں کو قرار دیتے ہیں۔ یہ عوامل یقیناً قیمتوں پر اثر انداز ہوتے ہیں لیکن صرف عارضی طور پر۔ یہ عوامل قیمتوں میں ایک مرتبہ اضافہ کا سبب بن سکتے ہیں لیکن ان کی وجہ سے مہنگائی ہر مہینے مسلسل نہیں بڑھ سکتی۔ مہنگائی میں مسلسل اضافے کی وجہ معیشت میں زر کی رسد مسلسل بڑھنا ہے۔ جو اس وقت بڑھتی ہے جب سٹیٹ بینک حکومت کو قرض دینے کیلئے مالی معاونت کرتا ہے اور مسلسل نئی کرنسی چھاپتا رہتا ہے۔ سٹیٹ بینک سرکاری طور پر کہتا ہے کہ وہ مہنگائی کو ہدف بنانے کے نظام پر عمل کرتا ہے اور اس کا مقصد مہنگائی کو 5 سے 7 فیصد کے درمیان رکھنا ہے۔ لیکن مہنگائی کو ہدف بنانے کا یہ نظام صرف اسی وقت مؤثر ثابت ہوتا ہے جب حکومتیں اپنی مالی استطاعت کے اندر رہ کر اخراجات کریں۔ پاکستان کو دیگر چیلنجز کا بھی سامنا ہے۔ جیسے ٹیکسوں میں اچانک اضافہ' بجلی اور ایندھن کی قیمتوں میں غیر متوقع تبدیلیاں اور قواعد و ضوابط میں بار بار ردوبدل۔ ان عوامل کی وجہ سے مہنگائی سے متعلق توقعات متاثر ہوتی ہیں اور قیمتوں میں اضافے کو تقویت ملتی ہے۔ ساتھ ہی ساتھ بیرونِ ملک سے آنے والی ترسیلاتِ زر (چودہ ہزار ارب روپے)' بینکاری نظام سے باہر گردش کرنے والی نقد رقم (بارہ ہزار ارب روپے)' جو بنیادی طور پر غیر رسمی' غیر دستاویزی کاروبار استعمال کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں غیر ملکی قرضے اور سٹیٹ بینک کی خصوصی مالیاتی سکیمیں بھی موجود ہیں۔ یہ تمام عوامل شرح سود کی تبدیلیوں سے متاثر نہیں ہوتے۔ تاہم مہنگائی بڑھانے والے یہ بنیادی عوامل نہیں ہیں۔ مہنگائی کے دباؤ کا سب سے بڑا ذریعہ بدستور حکومت ہے جو اپنی مالی استطاعت سے بڑھ کر اخراجات کر رہی اور اپنے بجٹ کی مالی معاونت کیلئے قرض پر انحصار کر رہی ہے۔ یہ قرض اب تقریباً 36 ہزار ارب روپے تک پہنچ چکا ہے۔ یہ رقم نجی بینکوں کے ڈپازٹس کے 120 فیصد کے برابر ہے۔

ایک اور عامل بھی ہے جس سے پتا چلتا ہے کہ موجودہ نظام اس طرح کام نہیں کر رہا جیسا کہ دعویٰ کیا جاتا ہے۔ ملک میں اکثر مہنگائی اس وقت بڑھتی ہے جب روپے کی قدر کم ہوتی ہے۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے پروگراموں کے دوران پاکستانی کرنسی کی شرحِ مبادلہ عموماً مستحکم رکھی جاتی ہے جس سے مہنگائی میں کمی کا رجحان پیدا ہوتا ہے۔ جیسے ہی آئی ایم ایف کا پروگرام ختم ہوتا ہے اور روپے کی قدر گرتی ہے' مہنگائی تیزی سے واپس آ جاتی ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہمارے ہاں مہنگائی بنیادی طور پر کرنسی کی شرحِ مبادلہ میں ہونے والی تبدیلیوں سے متاثر ہوتی ہے۔ اس صورت میں کہا جا سکتا ہے کہ قیمتوں کو قابو میں رکھنے کا اصل ذریعہ شرحِ سود نہیں ہے۔ یہ تو صرف اس پورے عمل کا ایک حصہ ہے۔

اصل چوائس نہایت واضح اور سادہ ہے۔ یا تو حکومت کو اپنے اخراجات کم کرنا ہوں گے تاکہ سٹیٹ بینک حقیقی معنوں میں مہنگائی کو قابو میں رکھنے پر توجہ دے سکے یا پھر پالیسی سازوں کو یہ تاثر دینا بند کر دینا چاہیے کہ مہنگائی کو ہدف بنانے کا نظام مؤثر طریقے سے کام کر رہا ہے۔ آج ہمارے پاس دونوں صورتوں کی خرابیاں موجود ہیں۔ سٹیٹ بینک خود کو مہنگائی کے خلاف لڑنے والا مرکزی بینک ظاہر کرتا ہے جبکہ دوسری طرف وہ حکومت کے مالی خسارے کی معاونت کی خاطر خاموشی سے بے تحاشا مقدار میں نئی کرنسی بنا رہا ہے۔ اگلی بار جب کاروباری رہنما کم شرح سود کا مطالبہ کریں تو انہیں پہلے ایک مختلف سوال پوچھنا چاہیے: کس شرح سے کم؟ اگر بینکاری نظام سٹیٹ بینک کی اس پوشیدہ معاونت کے بغیر کام کر رہا ہوتا تو ممکن ہے شرحِ سود حقیقت میں کہیں زیادہ بلند ہوتی۔ سٹیٹ بینک کی موجودہ (پالیسی) شرح سود پہلے ہی رعایت یافتہ ہے۔ رقم کی حقیقی قدر عوام کی نظروں سے اوجھل رکھی جا رہی ہے۔

(یہ مضمون ڈاکٹر ندیم الحق کے اشتراک سے لکھا گیا۔)

SHOWBIZ شوبز

ڈرامہ سیریل ٹوٹا ہوا دل میں کام کرنے کا تجربہ شاندار رہا، نازش جہانگیر

ٹوٹا ہوا دل کی کہانی سعدیہ اختر نے لکھی ہے جبکہ اس کی ہدایت کاری کے فرائض احمر سہیل نے انجام دیے

کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ نازش جہانگیر کا کہنا ہے کہ ڈرامہ سیریل ٹوٹا ہوا دل میں کام کرنے کا تجربہ شاندار رہا ہے۔ اے آر وائی ڈیجیٹل کے ڈرامہ سیریل ٹوٹا ہوا دل میں شین کا کردار نبھانے والی اداکارہ نازش جہانگیر نے کہا کہ میں ڈرامے کی ٹیم کو دس میں سے دس نمبر دوں گی۔ انہوں نے کہا کہ پروڈکشن ٹیم، ڈائریکٹر اچھے ہیں، میں، آغا علی، آریز احمد، محسن صاحب، بابر علی، عائشہ گل، وغیرہ سب کے کردار دیکھ کر ایسا لگتا ہے کہ یہ انہی لیے بنے ہیں۔ نازش جہانگیر نے بتایا کہ سیٹ پر کوئی لڑائی نہیں ہوئی، سب دوستوں کی طرح رہے اور شوٹنگ کے آخری روز بہت سے اداکار تو رو کر بھی گئے کہ سیٹ کو مس کریں گے۔ ڈرامے سے متعلق اداکارہ نے کہا کہ اس میں لوگوں کے لیے سبق بھی ہے کہ ہر ایکشن پر ری ایکشن نہیں دینا چاہیے۔

سعدیہ امام کے آئی بروز لفٹڈ لُک پر سوشل میڈیا صارفین کی تنقید

سعدیہ امام کے آئی بروز لفٹ انداز پر سوشل میڈیا پر شدید ردعمل سامنے آیا

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستانی معروف اداکارہ و میزبان سعدیہ امام کا آئی بروز لفٹ لُک صارفین کو ایک آنکھ نہ بھایا، سوشل میڈیا پر تصاویر و ویڈیو وائرل ہوئی تو اداکارہ شدید تنقید کی زد میں آ گئیں۔ سعدیہ امام اپنی بہترین اداکاری کے باعث جانی جاتی ہیں۔ انہوں نے کلاسک پی ٹی وی ڈراموں سمیت متعدد مقبول ڈراموں میں کام کیا، جن میں ہم سے جدا نہ ہونا، کالو ٹی 2 5، نصیب، الجھن، سات سُر رشتوں کے اور میرا نصیب شامل ہیں۔ اداکاری کے ساتھ ساتھ سعدیہ امام نے میزبانی کے شعبے میں بھی اپنی پہچان بنائی۔ ایک پروگرام میں سعدیہ امام نے رواں ہفتے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔

عامر خان نے اپنے فلمی کیریئر میں مشکلات سے پردہ اٹھا دیا

میں اس دور میں شدید ذہنی دباؤ کا شکار رہتا تھا، فلم فیسٹیول میں گفتگو

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ سپر اسٹار عامر خان نے اپنے فلمی کیریئر کے ابتدائی دنوں میں پیش آنے والی مشکلات سے پردہ اٹھا دیا۔ عامر خان نے لندن فلم فیسٹیول میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ وہ اس دور میں شدید ذہنی دباؤ کا شکار رہے اور اکثر کام سے واپس آ کر گھر پر روتے تھے، 1988 میں فلم قیامت سے قیامت تک سے ڈیبیو کرنے کے بعد انہیں راتوں رات شہرت تو مل گئی مگر عملی طور پر حالات اتنے آسان نہیں تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایک بڑی ہٹ فلم دینے کے باوجود انہیں بڑے فلم سازوں اور ہدایت کاروں کی جانب سے وہ پذیرائی نہیں ملی جس کی انہیں توقع تھی۔ عامر خان کے مطابق جن ہدایت کاروں کے ساتھ وہ کام کرنا چاہتے تھے، انہوں نے کبھی ان سے رابطہ نہیں کیا جس کے باعث وہ خود کو غیر یقینی صورتحال میں محسوس کرتے رہے۔

سلمان خان کی ایک کروڑ 18 لاکھ روپے سے زائد کی گھڑی

یہ گھڑی صرف ایک قیمتی فیشن آئٹم نہیں بلکہ اس میں بھارت کی ثقافتی جھلک بھی شامل کی گئی ہے



ممبئی (این این آئی) بولی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان اپنے بہترین اور قیمتی انتخاب کے لیے جانے جاتے ہیں۔ حال ہی میں انہوں نے دنیا کے مشہور لگژری برانڈ جیکب اینڈ کمپنی کے ساتھ مل کر ایک نئی اور خصوصی گھڑی متعارف کرائی ہے۔ اس گھڑی کی ویڈیو سوشل میڈیا پر پوسٹ کی گئی ہے جس میں سلمان خان ایک خوبصورت ڈبے کو کھولتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ ڈبہ کھولنے سے پہلے سلمان خان نے مسکراتے ہوئے کہا کہ یہ کچھ بہت خاص ہونے والا ہے اور مجھے یقین ہے کہ یہ واقعی خاص ہوگا۔ اس کے بعد انہوں نے چند لمحوں تک گھڑی کو غور سے دیکھا اور پھر اسے اپنی کلائی پر پہنتے ہوئے کہا کہ یہ بہت خوبصورت ہے، جیکب میرے بھائی تم نے کمال کر دیا ہے، یہ واقعی شاندار ہے اور مجھے یہ بہت پسند آئی ہے۔ اس گھڑی کی قیمت 41 لاکھ بھارتی روپے (تقریباً ایک کروڑ 18 لاکھ پاکستانی روپے) بتائی گئی ہے۔

فلم ''ٹوائے اسٹوری 5'' نے ایک ارب ڈالر کا سنگ میل عبور کر لیا

نیویارک (این این آئی) ڈزنی اور پکسر کی مقبول اینیمیٹڈ فلم ٹوائے اسٹوری 5 نے عالمی باکس آفس پر ایک ارب ڈالر کا سنگ میل عبور کر لیا، جس کے بعد یہ 2026 کی اب تک سب سے زیادہ کمائی کرنے والی فلم بن گئی ہے۔ ٹوائے اسٹوری 5 ایک ارب ڈالر کمانے والی 2026 کی پہلی ہالی ووڈ فلم بن گئی ہے۔ اس نے سینما گھروں میں ریلیز کے تقریباً ایک ماہ بعد یہ اہم کامیابی حاصل کی۔ مضبوط بین الاقوامی بزنس اور لوگوں کی بڑی تعداد میں سینما آمد نے فلم کی کمائی کو مسلسل آگے بڑھایا۔ یہ فلم اپنی فرنچائز کی تاریخ کا سب سے بڑا اوپننگ ویک اینڈ بھی حاصل کر چکی ہے۔

جیفری ایپسٹین کی کروڑوں ڈالرز کی جائیداد کی ممکنہ وارث کرینا شولیاک

نیویارک (این این آئی) بدنام زمانہ امریکی سرمایہ کار اور سزا یافتہ جنسی مجرم جیفری ایپسٹین کی وفاقی جیل میں 2019 میں موت کے کئی برس بعد اب توجہ ان کی طویل عرصے تک رہنے والی گرل فرینڈ کرینا شولیاک پر مرکوز ہو گئی ہے، جو ان کی کروڑوں ڈالرز مالیت کی جائیداد کی اہم ممکنہ وارث سمجھی جا رہی ہیں۔ عدالتی دستاویزات کے مطابق جیفری ایپسٹین نے اپنی موت سے صرف 2 روز قبل ایک نئی وصیت پر دستخط کیے تھے، جس کے تحت 1953 ٹرسٹ کے نام سے ایک نجی ٹرسٹ قائم کی گئی۔ حالیہ عدالتی ریکارڈز سے معلوم ہوا ہے کہ کرینا شولیاک کو اس ٹرسٹ کی بڑی شخصیات میں شامل کیا گیا۔

راجیش کھنہ نے 10 مرتبہ ڈمپل سے طلاق کا کہا لیکن وہ نہیں مانی، انیتا اڈوانی

راجیش کھنہ اپنی موت سے قبل ایک دہائی سے زائد عرصے تک انیتا اڈوانی سے قریبی تعلقات میں رہے



ممبئی (این این آئی) آنجہانی سپر اسٹار راجیش کھنہ کی گرل فرینڈ انیتا اڈوانی نے انکشاف کیا ہیکہ راجیش کھنہ نے ڈمپل کپاڈیہ سے 10 بار طلاق مانگی لیکن وہ ان سے طلاق نہ لے سکے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق راجیش کھنہ نے 1973 میں ڈمپل کپاڈیہ سے شادی کی تھی اس وقت ڈمپل کی عمر صرف 16 سال تھی، دونوں کی ازدواجی زندگی کا آغاز زور و شور سے ہوا لیکن جلد ہی تعلقات میں تلخی آ گئی، 2 بیٹیوں کی پیدائش کے بعد 1982 میں جوڑے کے درمیان علیحدگی ہو گئی لیکن یہ علیحدگی کبھی قانونی طور پر طلاق کی شکل اختیار نہ کر سکی۔

اتنی بدصورتی ایک جگہ کبھی نہیں دیکھی، کنگنا رناوت کا سخت ردعمل

کنگنا رناوت نے احتجاج میں شریک نوجوانوں کی تربیت اور پرورش پر بھی سوال اٹھا دیے

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ و بی جے پی رکن پارلیمنٹ کنگنا رناوت نے دہلی کے جنتر منتر پر ہونے والے طلبہ احتجاج کی وائرل ویڈیوز پر سخت ردعمل دیتے ہوئے مظاہرین کے انداز اور زبان کو شدید تنقید کا نشان

بقیہ 1

کے ساتھ ساتھ اس پر سختی سے عملدرآمد وقت کی اہم ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ راولپنڈی ڈویژن کوتمباکو سے پاک ڈویژن بنانے کے لیے متعدد عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن کو "نوبیکو فری راولپنڈی ڈویژن" کا فوکل پرسن نامزد کیا گیا ہے جبکہ ڈویژنل سطح پر ٹاسک فورس بھی تشکیل دے دی گئی ہے ۔ زینیہ ہمایوں نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ ادارے تمباکو کنٹرول قوانین پر بلاامتیاز عملدرآمد یقینی بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی مقامات پر سگریٹ نوشی کی اجازت نہیں ہوگی، 18 سال سے کم عمر افراد کو تمباکو مصنوعات کی فروخت پر مکمل پابندی ہوگی اور تعلیمی اداروں کے 50 میٹر کے دائرے میں تمباکو مصنوعات کی فروخت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ زینیہ ہمایوں نے مزید کہا کہ تمباکو سے پاک راولپنڈی ڈویژن کا خواب صرف سرکاری اداروں کی کوششوں سے نہیں بلکہ معاشرے کے تمام طبقات، والدین، اساتذہ، طلبہ، تاجروں اور سول سوسائٹی کے تعاون سے ہی ممکن ہے۔ اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ راولپنڈی ڈویژن میں 50 عوامی مقامات بشمول عوامی پارکس کو تمباکو سے پاک قرار دیا جا رہا ہے۔ ہوٹلز اور ریسٹورنٹس کے عملے کی تربیت کے لیے خصوصی ٹریننگ سیشنز منعقد کیے جائیں گے جبکہ تعلیمی اداروں میں آگاہی مہم کے ذریعے نوجوان نسل کو تمباکو نوشی کے نقصانات سے آگاہ کیا جائے گا۔ غیر قانونی تمباکو مصنوعات کی فروخت اور اسمگل شدہ تمباکو کے خلاف بھی بھرپور کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے گا۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی راولپنڈی نے سال 2026 کے دوران 6483 ہوٹلز اور ریسٹورنٹس پر چھاپے مارے۔ اس دوران 833 ہوٹلز اور ریسٹورنٹس کو بہتری کے نوٹسز جاری کیے گئے جبکہ 2273 ہوٹلز اور ریسٹورنٹس پر مجموعی طور پر 2,778,000 روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔کمشنر آفس راولپنڈی میں منعقدہ اس اجلاس میں محکمہ صحت، محکمہ انسداد منشیات، پنجاب فوڈ اتھارٹی، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 2

مضافاتی اور کچی آبادیاں آج بھی سوئی گیس کی سہولت سے محروم ہیں، جبکہ سوئی ناردرن گیس کی جانب سے نئے گھریلو گیس کنکشنز پر پابندی کے باعث ہزاروں خاندان ایل پی جی سلنڈرز پر انحصار کرنے پر مجبور ہیں۔دوسری جانب جن علاقوں میں گیس دستیاب ہے وہاں بھی صرف چند مخصوص اوقات میں گیس فراہم کی جاتی ہے ، جو روزمرہ ضروریات پوری کرنے کے لیے ناکافی سمجھی جاتی ہے ۔شہریوں کا کہنا ہے کہ کم آمدنی والے افراد چھوٹے سلنڈرز کے ذریعے کم خرچ میں اپنے گھروں کے چولہے جلا لیتے تھے،لیکن اب کمپنی کے سلنڈرز کی بلند قیمتیں ہر شخص کی استطاعت سے باہر ہیں۔ان کا مؤقف ہے کہ قانون پر سختی ضرور ہونی چاہیے، مگر ایسے خاندانوں کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا جن کے پاس کھانا پکانے کے لیے ایل پی جی کے سوا کوئی دوسرا ذریعہ موجود نہیں۔ عوامی حلقوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ غیر قانونی ری فلنگ کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رکھی جائے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ گیس سے محروم آبادیوں کے لیے محفوظ، سستا اور قابلِ رسائی متبادل بھی فراہم کیا جائے ۔شہریوں کا کہنا ہے کہ جانوں کا تحفظ بھی ضروری ہے اور گھروں کے چولہے جلتے رہنا بھی، اس لیے مستقل حل صرف پابندی نہیں بلکہ عوام کو عملی ریلیف فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 3

گئی۔ پروگرام کے دوران مجلسِ عزا سے خطاب علامہ قبلہ سید زبیر شاہ رضوی صاحب اور سید ریاض حسین شاہ نقوی نے کیا، جبکہ دعائے حدیثِ کسا کاظم خاصخیلی ماتماری میں سندھ کے مشہور و معروف نوحہ خواں میر امداد علی خان ٹالپر عرف ماما پیرل آف ٹنڈو جام نے شرکت کی۔ نوحہ خوانی اور ماتماری میں سندھ کی معروف ماتمی انجمنوں، انجمن علی سجاد علیہ السلام ڈگری، انجمن صدائے کربلا سامارو، انجمن امام زمانہ راجو خانانی، انجمن عزادارانِ حسین ٹنڈو باگو، انجمن غلامانہ غازی عباس کنری، انجمن سفینہ حیدری ٹنڈو غلام علی، انجمن ابو طالب راجو خانانی، انجمن سپاہِ حسینی ڈگی، انجمن امام زمانہ نیو دمبالو اور انجمن غلامانِ قمر پاڈر می سمیت جھڈو، نیو دمبالو، کوٹ غلام محمد، انب موری ٹنڈو باگو، ٹنڈو غلام علی، ٹنڈو جام، ڈگی، کنری، پاڈمری اور عمرکوٹ سے آنے والی مختلف ماتمی انجمنوں نے شرکت کر کے عزاداری کی۔اس موقع پر پاک بی بی سکینہ سلام اللہ علیہا بنت امام حسین علیہ السلام کا تابوت بھی برآمد کیا گیا۔مجلسِ عزا اور عزاداری کے پروگرام مردوں اور خواتین کے لیے الگ الگ منعقد کیے گئے ۔ پروگرام کا اہتمام انجمن علی سجاد علیہ السلام کی جانب سے قادر بخش قمر انی نے کیا۔اس سالانہ قدیمی شبِ بیداری اور مجلسِ عزا میں ڈگری اور گردونواح کے علاقوں سے ہزاروں کی تعداد میں عقیدت مندوں نے شرکت کی، جن میں اہلِ سنت برادران، مومنین، عزاداران، مرد، خواتین اور بچے بھی شامل تھے ۔اس موقع پر ڈویژنل تحفظِ عزاداری سیل کے چیئرمین اور مرکزی امام بارگاہ باب العلم ڈگری کے چیئرمین زوار سید بشیر احمد شاہ نقوی نے پروگرام کے انتظامات میں تعاون کرنے والے متعلقہ اداروں اور افسران کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ سیکورٹی کے انتظامات کیے گئے ۔اس کے علاوہ لوڈشیڈنگ کے خاتمے اور پروگرام کے دوران بجلی کی بلاتعطل فراہمی کے لیے DDPDC صیکو واپڈا حیدر آباد، غلام سرور اوڈ صیکو حیدر آباد کے قربان، سپرنٹنڈنگ انجینئر صیکو فرمان حسین دانی میر پور خاص، XEN ڈگری، SDO ڈگری گرڈ اسٹیشن سید عبدالنبی شاہ ڈگری اور فوکل پرسن واحد حسین سیہانی کے تعاون پر بھی شکریہ ادا کیا گیا۔پروگرام کے اختتام پر عزاداران اور شرکاء میں نیاز امام حسین علیہ السلام تقسیم کی گئی۔

بقیہ 4

ہمارا ضلع ایک پُرامن ضلع ہے ۔محرم الحرام باہمی تعاون اور امن وامان کے ساتھ پُرامن طور پر گزرا، جس میں علمائے کرام کا تعاون قابلِ تحسین رہا۔ انہوں نے مختلف مکاتبِ فکر کے علمائے کرام پر زور دیا کہ باہمی امن، بھائی چارے اور ہم آہنگی کو فروغ دیا جائے۔اس موقع پر مختلف مکاتبِ فکر کے علمائے کرام نے چہلم کے دوران مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی سکیورٹی کے حوالے سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ جلوسوں کے راستوں پر سخت سکیورٹی انتظامات کیے جائیں گے ، پولیس اور رینجرز کے اہلکار تعینات کیے جائیں گے اور امن وامان کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔ شہروں اور دیہی علاقوں میں گشت میں بھی اضافہ کیا جائے گا۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ چہلم کے موقع پر جلوسوں کے راستوں کی صفائی، بجلی اور لائٹنگ کے انتظامات مکمل کیے جائیں، جبکہ سیکو حکام کو ہدایت کی گئی کہ چہلم کے دوران لوڈشیڈنگ نہ کی جائے۔

بقیہ 5

علمائے کرام، صوبائی ووفاقی محکموں کے افسران اور محکمہ صحت کے حکام نے شرکت کیا جلاس کے دوران ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سید اعجاز علی شاہ، ای او سی اور ڈبلیو ایچ او کے نمائندوں ڈاکٹر مظہر اور ڈاکٹر ریاض نے پولیو بوسٹر ڈوز مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع بھر میں پولیو بوسٹر ڈوز مہم 08 اگست سے شروع کی جائے گی، جس کے دوران 4 ماہ سے 10 سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو بوسٹر ڈوز دی جائے گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ مہم کے مؤثر نفاذ کے لیے اسی ہفتے سے سوشل موبائلزرز گھر گھر جا کر بچوں کی رجسٹریشن کا عمل شروع کریں گے ۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مسرور احمد بجارانی نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک بیماری ہے، جس سے بچوں کو محفوظ رکھنے کے لیے پولیو بوسٹر ڈوز انتہائی ضروری ہے ۔انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد ہر بچے تک پولیو ویکسین پہنچا کر اسے مستقل معذوری سے بچانا ہے، لہٰذا والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کو مقررہ وقت پر پولیو بوسٹر ڈوز ضرور دلوائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے محکمہ صحت، انتظامیہ، علمائے کرام اور معاشرے کے ہر فرد کو اپنی مشترکہ ذمہ داری ادا کرنا ہوگی۔ انہوں نے علمائے کرام سے اپیل کی کہ وہ مساجد، جمعہ کے خطبات، دینی اجتماعات اور دیگر مذہبی مواقع پر پولیو بوسٹر ڈوز کی اہمیت کو اجاگر کریں اور والدین کو اپنے بچوں کو بوسٹر ڈوز دلوانے کی تلقین کریں۔اس موقع پر مختلف مکاتبِ فکر کے علمائے کرام نے پولیو بوسٹر ڈوز مہم کی مکمل حمایت اور تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بچوں کی صحت اور محفوظ مستقبل کے لیے اس مہم کو کامیاب بنانا قومی ذمہ داری ہے۔آخر میں ایک عالمِ دین نے علامتی طور پر پولیو بوسٹر ڈوز بھی دلوائی، جسے شرکاء نے سراہا اور اس اقدام کو عوام میں اعتماد پیدا کرنے کی جانب ایک مثبت قدم قرار دیا۔

بقیہ 6

رکھے تھے جن پر بجلی کی غیر اعلانیہ بندش کے خلاف نعرے درج تھے ۔شرکاء نے سیکو اور متعلقہ حکام کے خلاف شدید نعرے بازی کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ کندھ کوٹ میں جاری بدترین لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے اور شہریوں کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے ۔احتجاجی مظاہرے سے خطاب اور بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ کندھ کوٹ کے عوام کئی ماہ سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، بار بار ٹرپنگ اور بجلی کی غیر معمولی بندش کے باعث شدید ذہنی اور معاشی اذیت کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگرچہ سرکاری طور پر 12 گھنٹے لوڈشیڈنگ کی جاتی ہے ، لیکن حقیقت میں مختلف علاقوں میں 18 گھنٹے تک بجلی غائب رہتی ہے ، جس سے معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر ہو چکے ہیں۔مقررین نے کہا کہ شدید گرمی کے موسم میں بجلی کی مسلسل بندش نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے ۔کاروباری مراکز، چھوٹے تاجر، مزدور، طلبہ اور گھریلو صارفین شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔بجلی نہ ہونے کے باعث کاروبار ٹھپ ہو رہے ہیں، روزگار متاثر ہو رہا ہے اور شہری رات بھر سکون سے نیند بھی نہیں کر پا رہے ۔انہوں نے کہا کہ بجلی کی بندش کے باعث پانی کی فراہمی بھی متاثر ہو رہی ہے کیونکہ بجلی نہ ہونے سے گھروں، مساجد اور دیگر مقامات پر پانی دستیاب نہیں رہتا، جس سے نمازیوں اور عام شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ۔مظاہرین نے کہا کہ عوام اب اس صورتحال کو مزید برداشت کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ آج کسن بچوں کے ہمراہ پرامن احتجاج کیا گیا ہے تاکہ حکام تک عوام کی آواز پہنچائی جا سکے ، تاہم اگر مسائل فوری طور پر حل نہ کیے گئے تو آئندہ مزید بڑے اور مؤثر احتجاج کیے جائیں گے ، جن کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ اداروں اور حکام پر عائد ہوگی۔احتجاج کے شرکاء نے وفاقی وزیر توانائی اویس احمد لغاری سے مطالبہ کیا کہ وہ کندھ کوٹ میں بجلی کی بدترین صورتحال، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور بار بار ٹرپنگ کا فوری نوٹس لیں، سیکو اور گرڈ اسٹیشن کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے ، غفلت یا بدعنوانی کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی جائے اور دیانتدار، باصلاحیت اور قدم دار افسران تعینات کیے جائیں تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا مستقل حل نکالا جا سکے ۔احتجاج کے اختتام پر مظاہرین نے حکومت اور متعلقہ اداروں کو متنبہ کیا کہ اگر بجلی کی فراہمی کا نظام بہتر نہ بنایا گیا اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ ختم نہ کیا گیا تو احتجاجی تحریک کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا اور عوام اپنے بنیادی حقوق کے حصول کے لیے ہر جمہوری اور آئینی راستہ اختیار کریں گے۔

بقیہ 7

دیگر اہم اور حساس مقامات پر بھی متعلقہ محکموں کے اہلکار تعینات ہیں اور سیاحوں کی حفاظت و سہولت کے لیے اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، سیاحوں سے گزارش ہے کہ مون سون سیزن کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں، محتاط ڈرائیونگ کریں، محکمہ موسمیات اور ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر عمل کریں، کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں، آپ کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 8

پیمائش کی جائے گی۔زمین میں نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاشیم (این پی کے) جیسے بنیادی غذائی اجزاء کا سائنسی معائنہ ہوگا۔مٹی اور پانی کے ٹیسٹنگ نتائج کو فوری طور پر موبائل ایپ میں درج کر دیا جائے گا۔ ٹیسٹنگ مکمل ہوتے ہی مٹی اور پانی کی سائنسی رپورٹ کا موقع پر ہی فوری اجراء ہوگا۔ لیب آن ویلز کی بدولت کھیت پر ٹیسٹ کر کے موقع پر رپورٹ جاری کی جائے گی اور فوراً رہنمائی بھی دی جائے گی۔بریفنگ میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو بتایا گیا کہ رپورٹ میں زمین کی ضرورت کے مطابق کھادوں اور مناسب فصلوں کی سفارشات شامل کی جائیں گی۔ رپورٹ کا لنک کسان کو براہِ راست ایس ایم ایس اور واٹس ایپ کے ذریعے فوری بھیجا جائے گا۔کسان اپنے موبائل پر ایک کلک سے مٹی اور پانی کی مکمل ڈیجیٹل رپورٹ دیکھ سکیں گے۔ زرعی ماہرین کی جانب سے کسانوں کو کھیت میں ہی آن دی سپاٹ اور آمنے سامنے مشاورت ملے گی۔بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ لیب آن موبائل کی شفافیت اور کڑی مانیٹرنگ یقینی بنانے کے لیے سینٹرل کنٹرول روم فعال کر دیا گیا ہے۔سینٹرل کنٹرول روم سے تمام موبائل لیبارٹریز کی ریئل ٹائم GPS ٹریکنگ کی جائے گی ۔ فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی جانچنے کے لیے لائیو کیمرہ سٹریمنگ اور ڈیش بورڈ مانیٹرنگ کا نظام بھی قائم کیا گیا ہے۔ کسان کی ایک کال پر موبائل لیب کا شیڈول وزٹ اور درخواست کا فوری اندراج کیا جائے گا۔ ڈسٹرکٹ لیب انچارج کی منظوری کے بعد ''لیب آن ویلز'' کسان کے کھیت کیے جائزے کے لیے روانہ ہوگی۔ موبائل ایپ کے ذریعے فیلڈ ٹیم کی موقع پر حاضری کی رجسٹریشن یقینی بنائی جائے گی۔ کسانوں کو زمین کی بہتری اور فصلوں کی نگہداشت سے متعلق ان کی دہلیز پر رہنمائی فراہم ہوگی۔ متوازن کھادوں کے استعمال سے زمین کی صحت میں بہتری اور پیداواری لاگت میں کمی ممکن ہوگی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ریئل ٹائم کلاؤڈ ڈیٹا سٹوریج کے ذریعے پنجاب کا ڈیجیٹل جی پی ایس سوئل میپ تیار کیا جائے گا۔فصلوں کی پیداوار اور کسانوں کی آمدن میں اضافہ جبکہ پائیدار زراعت کی بنیاد رکھ دی گئی۔ سالانہ 20 ہزار مٹی کے نمونوں کا ہدف مقرر، سالانہ 500 کسان فیلڈ ڈیز کا انعقاد ہوگا۔ سالانہ 15 ہزار کسانوں کو تربیت دی جائے گی۔

بقیہ 9

مجالس اور جلوسوں کے روٹس، سکیورٹی پلان، ٹریفک مینجمنٹ، صفائی ستھرائی، روشنی، بجلی کی فراہمی اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔شرکاء نے عزاداران کو بہترین سہولیات کی فراہمی اور پرامن ماحول برقرار رکھنے کے لیے مختلف تجاویز بھی پیش کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر خضر ظہور گوریہ نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں اور صفائی، سٹریٹ لائٹس، ٹریفک کی روانی، بجلی سمیت شہری سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی تاکہ عزاداران کو ہر ممکن سہولت میسر آسکے۔اے ایس پی

سید دانیال حسن نے کہا کہ چہلم کے موقع پر فول پروف سیکیورٹی پلان پر عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔جلوسوں اور مجالس کی مسلسل نگرانی، حساس مقامات پر اضافی نفری کی تعیناتی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ برقرار رکھا جائے گا، جبکہ امن خراب کرنے یا قانون ہاتھ میں لینے کی کوشش کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اجلاس میں سوشل میڈیا پر اشتعال انگیز، نفرت آمیز اور فرقہ وارانہ مواد کی نگرانی مزید مؤثر بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا، جبکہ شرکاء نے مذہبی ہم آہنگی، بھائی چارے اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ چہلم حضرت امام حسینؓ کے تمام پروگرام پرامن، منظم اور خوش اسلوبی سے منعقد کیے جائیں۔

بقیہ 10

پراسیکیوشن کو مزید مؤثر بنایا جائے اور حکومت پنجاب کی جانب سے مقرر کردہ نرخ ناموں پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے ۔ گراں فروشی، ذخیرہ اندوزی، مصنوعی مہنگائی اور ناجائز منافع خوری میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی جاری رکھی جائے ۔اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ یکم جولائی سے 27 جولائی 2026 کے دوران ضلع بھر میں 82,273 انسپکشنز کی گئیں، جن کے نتیجے میں 13,543 گراں فروشوں کے چالان کیے گئے جبکہ مجموعی طور پر 38 لاکھ 15 ہزار 498 روپے کے جرمانے عائد کیے گئے ۔اس دوران 102 دکانوں و کاروباری مراکز کو سیل کیا گیا جبکہ 20 افراد کو گرفتار بھی کیا گیا۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ملیحہ سحر نے کہا کہ عوام کو اشیائے ضروریہ مقررہ نرخوں پر فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ہدایت کی کہ پرائس مجسٹریٹس اپنی فیلڈ موجودگی مزید بڑھائیں، عوامی شکایات کا فوری ازالہ کریں اور پرائس کنٹرول مہم کو مزید مؤثر بناتے ہوئے صارفین کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 11

پالیسیوں، بہترین کارکردگی اور مضبوط قیادت پر عوام کے اعتماد کا واضح ثبوت ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی عہدیداروں کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔شاہ نواز رانجھا نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملک وقوم کی ترقی، خوشحالی اور عوامی خدمت کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے، جبکہ آزاد کشمیر کے عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ وہ خدمت، ترقی اور عملی کارکردگی کی سیاست کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ کامیابی پارٹی قائدین اور کارکنان کی انتھک محنت کا ثمر ہے اور ان شاء اللہ مسلم لیگ (ن) عوام کی توقعات پر پورا اترتے ہوئے آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کے سفر کو مزید تیز کرے گی۔

بقیہ 12

شاہ محمد اقبال نے فوری نوٹس لیتے ہوئے پٹواری اور متعلقہ عملے کو موقع پر روانہ کیا، جنہوں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے تعمیراتی سرگرمیاں رکوا دیں، جبکہ پی ٹی سی ایل کا عملہ بھی موقع پر پہنچ گیا۔ذرائع کے مطابق پیر کے روز معاملہ پی ٹی سی ایل کے بزنس مینجنگ ڈائریکٹر ناصر کے نوٹس میں آنے پر انہوں نے خود موقع کا دورہ کیا، جہاں پی ٹی سی ایل ایکسچینج آفس کے انچارج ارسلان شاہ بھی موجود تھے ۔موقع کے معائنے کے بعد سرکاری اراضی پر تعمیر کی گئی مبینہ غیر قانونی دیوار کو مسمار کروا دیا گیا۔ بعد ازاں بزنس مینجنگ ڈائریکٹر ناصر نے میڈیا سے ٹیلی فونک گفتگو میں واضح کیا کہ پی ٹی سی ایل کی سرکاری اراضی پر کسی بھی فرد کو غیر قانونی قبضہ یا تعمیرات کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی اور ادارہ اپنی املاک کے تحفظ کے لیے قانون کے مطابق ہر ممکن اقدام جاری رکھے گا۔عوامی وسماجی حلقوں نے اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ محمد اقبال، بزنس مینجنگ ڈائریکٹر پی ٹی سی ایل ناصر اور ایکسچینج انچارج ارسلان شاہ کی بروقت اور مؤثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سرکاری املاک کا تحفظ ریاستی اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے اور ایسے اقدامات قانون کی عملداری کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 13

ہو گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ لیگی امیدوار نے الیکشن سے ایک رات قبل بیلٹ پیپرز کے تھیلے پیپلز پارٹی کے امیدوار کے گھر سے پکڑے ۔آپ کا تیر کشمیر کی وادیوں میں گم گیا، جبکہ کشمیر میں ہر طرف شیر دھاڑ رہا ہے ۔آزاد کشمیر کے الیکشن کے پہلے مرحلے میں کشمیریوں نے میاں نواز شریف کے حق میں فیصلہ دے دیا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ جیت پر جشن منانے آتے ہیں تو ہار پر برداشت کرنا بھی سیکھیں۔ ہر الیکشن میں ہارنے پر پی ٹی آئی والا وطیرہ مت اپنائیں۔انہوں نے کہا کہ گلگت میں آپ کی حکومت بن گئی تو اس کا مطلب وہاں بہت شفاف الیکشن ہوئے ہیں؟ آزاد کشمیر میں آپ ہار گئے ہیں تو وہاں دھاندلی ہوئی ہے؟ ایسے ڈبل سٹینڈرڈ جمہوری سوچ رکھنے والی جماعت کو زیب نہیں دیتے۔

بقیہ 14

ٹوکن ٹیکس جمع کروا کر اس شاندار رعایت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔مقررہ تاریخ کے بعد ٹوکن ٹیکس کی عدم ادائیگی پر قانونی کارروائی کے ساتھ ساتھ اضافی جرمانہ بھی عائد کیا جا سکتا ہے ۔شہریوں کی سہولت کے لیے ٹوکن ٹیکس کی ادائیگی گھر بیٹھے ePay ایپ کے ذریعے بھی ممکن بنا دی گئی ہے ۔ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن عمر شیر چٹھہ نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ 31 اگست سے پہلے ePay کے ذریعے ٹوکن ٹیکس جمع کروا کر 10 فیصد رعایت کا فائدہ اٹھائیں۔انہوں نے مزید ہدایت کی کہ غیر رجسٹرڈ یا غیر منتقل شدہ گاڑی چلانا جرم ہے، اس لیے شہری گاڑی خریدتے وقت بائیومیٹرک تصدیق لازمی حاصل کریں اور اسے فوراً اپنے نام منتقل کروائیں تاکہ کسی بھی قسم کی قانونی پیچیدگی سے بچا جا سکے

بقیہ 15

کے معزز اراکینِ قومی وصوبائی اسمبلی، ضلعی انتظامیہ کے افسران اور متعلقہ محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اس موقع پر پروگرام کے تحت منتخب ہونے والے 50 کامیاب درخواست گزاروں میں زرعی اراضی کی لیز ڈیڈز تقسیم کی گئیں۔مقررین نے کہا کہ حکومت پنجاب کا یہ فلاحی منصوبہ بے زمین اور مستحق خاندانوں کو زرعی اراضی فراہم کر کے انہیں باعزت روزگار، معاشی خودمختاری اور پائیدار ذریعۂ معاش مہیا کرنے کی جانب ایک اہم سنگِ میل ہے، جس سے زرعی پیداوار میں اضافہ، دیہی معیشت کا استحکام اور غربت کے خاتمے میں مدد ملے گی۔ تقریب کا ایک قابلِ تحسین پہلو یہ بھی رہا کہ 50 کامیاب مستحقین میں دو خواتین بھی شامل تھیں، جو اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ خواتین بھی زرعی شعبے میں مؤثر کردار ادا کرتے ہوئے معاشی خودمختاری کی جانب کامیابی سے آگے بڑھ رہی ہیں۔شرکاء نے اس امید کا اظہار کیا کہ "اپنا کھیت، اپنا روزگار" پروگرام مستقبل میں مزید مستحق خاندانوں تک توسیع پائے گا اور پنجاب میں زرعی ترقی، روزگار کے نئے مواقع اور خوشحالی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا

بقیہ 16

کارکردگی کے بارے میں دریافت کیا۔کمشنر نے ہسپتال کے میڈیکل سٹور کا بھی معائینہ کیا اور نے ہدایت کی کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ادویات کی سو فیصد فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے ، ہسپتال میں صفائی کے بہترین انتظامات برقرار رکھے جائیں اور مریضوں کو بروقت، معیاری اور باوقار طبی سہولیات فراہم کرنے میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے۔

بعد ازاں کمشنر حافظ شوکت علی نے ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری کے ہمراہ پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) کے تحت تحصیل ساہیوال میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔انہوں نے بارشی پانی کی نکاسی اور دیگر جاری ترقیاتی سکیموں پر ہونے والے کام کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام منصوبے مقررہ ٹائم لائن کے اندر مکمل کیے جائیں۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تعمیراتی کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، تمام منصوبوں میں شفافیت اور پائیداری کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو معیاری اور دیرپا سہولیات میسر آسکیں۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال خان شمس الدین خان اور اے ڈی پی ڈی پی حامد جھٹہ سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 17

بغیر اقتدار کے ہم عوامی سطح پر وہ کام کرا رہے ہیں جو گزشتہ کئی سالوں سے کسی نے نہیں کرائے یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں آئے ہوئے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی ان وفود میں نمبردار راجہ رحیم ۔راجہ عبدالرافع ۔عبداللہ کیانی۔ راجہ ادیب۔ راجہ اظہر۔ راجہ اعجاز۔ محمد دائم۔ چودھری ظفر۔ اور ابرار احمد یادسمیت کئی سیاسی و سماجی رہنما شامل تھے۔انہوں نے کہا کہ میں بہت جلد عوام کی سطح پہ اور مزید انقلابی اقدامات کا اعلان کرنے والا ہوں جس سے عام آدمی کی حالت بدلے گی۔مہنگائی اور لاقانونیت کے اس دور میں حقیقی معنوں میں اگر عوام کو تحفظ دینا ہے تو ان میں سے ہی ان کے نمائندے چنے جائیں تاکہ وہ مسائل سمجھتے ہوئے ان کی خدمت میں پیش پیش رہیں۔انہوں نے کہا کہ گندم کی جو قیمت عام کسان سے مقرر کی گئی ہے وہ انتہائی کم ہے اس میں اضافہ کیا جائے تاکہ کسان خوشحال ہو سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ گندم کی قلت کی جو شکایات سامنے آ رہی ہیں حکومت فوری طور پر اس کی تحقیقات کا اعلان کرے تاکہ آٹے کی قلت نہ پیش آئے ان وفود نے پاکستان عوامی قوت پارٹی کے منشور اور بیانیے پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ہم فخر کر سکتے ہیں کہ عوام کی خدمت کرنے والی پارٹی کا انتخاب ہم نے کیا ہے اور ہم اس پارٹی کے پلیٹ فارم سے عام آدمی کے مسائل حل کرنے میں اپنا اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ 18

میں کالا باغ اور تونسہ کے مقام پر اب بھی نچلے درجے کا سیلاب موجود ہے، جہاں کالا باغ میں پانی کا بہاؤ 3 لاکھ ایک ہزار کیوسک جبکہ تونسہ میں 3 لاکھ 85 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا تاہم تونسہ بیراج پر پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے۔ادارے کے مطابق دریائے چناب میں سیلابی صورتحال میں مسلسل بہتری آ رہی ہے اور مرالہ، خانکی، قادر آباد، تریموں اور پنجند کے مقامات پر پانی کا بہاؤ معمول پر آ چکا ہے۔پی ڈی ایم اے نے بتایا کہ دریائے ستلج اور جہلم میں بھی پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے، جبکہ دریائے راوی میں بلوکی اور سدھنائی کے مقام پر نچلے درجے کی سیلابی صورتحال برقرار ہے، بلوکی میں پانی کا بہاؤ 63 ہزار کیوسک اور سدھنائی میں 53 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا، جبکہ جسڑ اور شاہدرہ کے مقامات پر صورتحال معمول کے مطابق ہے۔دوسری جانب وزیر آباد نالہ پلکھو میں اونچے درجے کا سیلاب برقرار ہے، جہاں پانی کا بہاؤ 4 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا، جبکہ نارووال کے نالہ بسترمیں نچلے درجے کا سیلاب ہے اور وہاں پانی کا بہاؤ ایک ہزار کیوسک ہے۔ڈی جی پی ڈی ایم اے عمر میلہ کے مطابق بالائی علاقوں میں ہونے والی بارشوں کے باعث دریاؤں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوا تھا تاہم دریائے چناب کے بالائی کیچمنٹ علاقوں میں بارشیں رک چکی ہیں اور گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران دریا میں طغیانی میں مسلسل کمی دیکھی جا رہی ہے۔

بقیہ 19

مطابق گزشتہ مالی سال کے دوران گردشی قرض میں ہونے والے 400 ارب روپے کے بہاؤ کو سبسڈی کی مد میں ایڈجسٹ کیا جانا تھا، آئی ایم ایف اور پاکستان کی معاشی ٹیم کے درمیان مذاکرات میں زیرِ ان فلو ہدف طے کیا گیا تھا جس کے تحت گردش

تمباکو نوشی صحت کیلئے سنگین خطرہ ہے زینیہ ہمایوں

پاکستان میں ہر سال تقریباً 1لاکھ 63ہزار 600افراد تمباکو کے استعمال کے باعث جان کی بازی ہار جاتے ہیں

راولپنڈی ڈویژن کو تمباکو سے پاک ڈویژن بنانے کے لیے متعدد عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، ایڈیشنل کمشنر کوارڈی نیشن راولپنڈی

راولپنڈی(این ای این)ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن راولپنڈی ڈویژن زینیہ ہمایوں نے راولپنڈی ڈویژن میں تمباکو کنٹرول مانیٹرنگ کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ تمباکو نوشی نہ صرف افراد کی صحت بلکہ معاشرے کے مستقبل کے لیے بھی سنگین خطرہ ہے۔ پاکستان میں ہر سال تقریباً 1لاکھ 63 ہزار 600افراد تمباکو کے استعمال کے باعث جان کی بازی ہار جاتے ہیں جبکہ روزانہ تقریباً 1200 پاکستانی بچے تمباکو کے مضر اثرات سے متاثر ہوتے ہیں۔ ان اعداد و شمار کے پیش نظر مؤثر قانون سازی (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد پولیس 1700 سے زائد آسامیوں پر بھرتی کا عمل جاری

ٹیسٹ سنٹرز پر امیدواروں کے لیے سایہ دار ٹینٹس، پینے کے صاف پانی کا انتظام

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد پولیس میں 1700 سے زائد آسامیوں پر بھرتی کا عمل مکمل شفافیت، میرٹ اور مقررہ ضابطہ کار کے مطابق جاری ہے، جبکہ ملک بھر کے مختلف ٹیسٹ سنٹرز پر امیدواروں کے جسمانی اور رنگ ٹیسٹ منعقد کیے جا رہے ہیں۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر سینئر پولیس افسران خود ٹیسٹ سنٹرز کا (بقیہ نمبر 3 6)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے اسلام آباد پولیس میں بھرتی کے لیے قائم ٹیسٹ سنٹرز کا دورہ کر کے تمام انتظامات کا بذاتِ خود جائزہ لیا

اسلام آباد پولیس کے سرچ آپریشنز، 515افراد کی جانچ، اسلحہ برآمد

6مشکوک افراد، 14موٹر سائیکلوں اور دو گاڑیوں کو مزید تفتیش کیلئے متعلقہ تھانوں میں منتقل

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کے دوران 515افراد، 210 گھروں، 42دکانوں، 14ہوٹلوں، 263موٹر سائیکلوں اور 71 گاڑیوں کی جانچ پڑتال (بقیہ نمبر 3 7)

سی ای او لیسکو کا چہلم حضرت امام حسین کے جلوس کے روٹ کا ہنگامی دورہ

خطرات فوری دور کرنے اور بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

لاہور(این این آئی) چیف ایگزیکٹو آفیسر لیسکو انجینئر محمد رمضان بٹ نے چہلم حضرت امام حسین کے جلوس کے روٹ کا ہنگامی دورہ کیا۔ انہوں نے پانی والا تالاب سے جلوس کے روٹ پر بجلی کی تنصیبات اور حفاظتی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ترجمان لیسکو کے مطابق ڈائریکٹر آپریشن عمران محمود، ایس ای نارتھ محمد مزمل، ایکسین احمد (بقیہ نمبر 3 9)

انجمن تاجران کے عہدیداران کا وفد سٹی پولیس آفیسر (سی پی او) راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں

سٹی پی او راولپنڈی سے انجمن تاجران کے عہدیداران کی ملاقات

راولپنڈی پولیس شہریوں کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، ہم سب نے مل کر راولپنڈی کو پرامن اور محفوظ بنانا ہے، حسن مشتاق سکھیرا

ہمیشہ کی طرح تاجر برادری شہر کی بہتری کے لیے پولیس کے ساتھ ہے، شرجیل میر، چوہدری اقبال، یاسر اسماعیل مغل و دیگر

راولپنڈی (این این آئی) سٹی پولیس آفیسر (سی پی او) راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا نے انجمن تاجران کے عہدیداران کے وفد سے تعارفی ملاقات کی، جس میں شہر میں امن و امان، جرائم کی روک تھام اور تاجروں کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ملاقات میں ایس ایس پی آپریشنز بھی موجود تھے، جبکہ انجمن تاجران کی جانب سے شرجیل میر، چوہدری اقبال، یاسر اسماعیل مغل، (بقیہ نمبر 4 0)

نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے وفد کا واپڈا ہاؤس کا دورہ

پانی اور پن بجلی کے وسائل کی ترقی کیلئے واپڈا منصوبوں پر بریفنگ دی گئی

لاہور(این این آئی) نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے وفد نے واپڈا ہاؤس کا دورہ کیا۔ وفد کو پاکستان میں پانی اور پن بجلی کے وسائل کی ترقی کیلئے واپڈا منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ کے دوران وفد کو پاکستان کی واٹر، فوڈ اور انرجی سکیورٹی، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات، پانی کی اہمیت کے مختلف پہلوؤں، بھارت کی جانب سے پانی کو بطور ہتھیار استعمال اور قومی ترقی میں واپڈا کے کردار کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ وفد کو بتایا (بقیہ نمبر 4 1)

پاکستان، بھارت کے درمیان اسائنمنٹ ویزوں کا اجراء ذرائع

دونوں ممالک نے ایک ایک درجن کے قریب ویزے جاری کیے

اسلام آباد/لاہور(این این آئی) پاکستان اور بھارت نے سفارتی عملے کے لیے اسائنمنٹ ویزوں کا اجراء شروع کر دیا ہے جس کے تحت دونوں ممالک نے تعیناتی کے منتظر سفارتکاروں اور عملے کو ویزے جاری کر دیئے ہیں۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ پاکستان اور بھارت نے ایک ایک درجن کے قریب اسائنمنٹ ویزے جاری کیے ہیں۔ ان میں ایسے سفارتکار بھی شامل ہیں جن کی تعیناتی کی مدت مکمل ہو چکی تھی جبکہ (بقیہ نمبر 4 3)

جماعت اسلامی کا 7اگست کو ملک گیر احتجاج کا اعلان

مہنگائی، پٹرولیم لیوی، آئی پی پیز معاہدوں اور لوڈشیڈنگ کے خلاف ہوگا

اسلام آباد(این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم نے کہا ہے کہ 7اگست کا ملک گیر احتجاج عوام کے بنیادی حقوق کے حصول، مہنگائی، پٹرولیم لیوی، آئی پی پیز معاہدوں اور لوڈشیڈنگ کے خلاف ہوگا، جس میں لاکھوں افراد پرامن انداز میں شرکت کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق سات اگست کے احتجاج کے حوالے (بقیہ نمبر 4 4)

راولپنڈی ایل پی جی ری فلنگ کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

جانیں بچانے کا اقدام، مگر ہزاروں گھروں کے چولہے بجھنے کا خدشہ! گیس کنکشن بند، سپلائی محدود، سلنڈر مہنگے، عام آدمی کے لیے متبادل کہاں؟

قانون پر عمل درآمد قابلِ تحسین، مگر ریلیف کے بغیر پابندیاں عوام کے لیے نئی آزمائش بن گئیں، مستقل حل صرف پابندی نہیں بلکہ عوام کو عملی ریلیف فراہم کرنا ہے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پنجاب حکومت کی ہدایات پر سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا کی نگرانی میں شہر بھر میں ایل پی جی کی غیر قانونی ری فلنگ کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے۔ شہریوں اور ماہرین نے اس اقدام کو انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے بروقت اور ضروری قرار دیا ہے، کیونکہ غیر قانونی ری فلنگ کے باعث ماضی میں متعدد دھماکے اور آتشزدگی کے واقعات پیش آ چکے ہیں جن میں قیمتی جانیں ضائع ہوئیں۔ تاہم اس کارروائی کے ساتھ ایک اہم عوامی مسئلہ بھی شدت سے سامنے آ گیا ہے۔ راولپنڈی کی متعدد نئی، (بقیہ نمبر 2)

دو منشیات فروشوں کو مجموعی طور پر 18سال قید، ایک لاکھ 60ہزار روپے جرمانہ

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انسداد منشیات کارروائیوں میں مؤثر تفتیش اور مقدمات کی پیروی کے نتیجے میں معزز عدالت نے دو منشیات فروشوں کو مجموعی طور پر 18سال قید اور ایک لاکھ 60ہزار روپے جرمانے کی سزا سنا دی۔ تفصیلات کے مطابق مجرم آصف خان کو ایک کلو 460 گرام چرس برآمد ہونے پر 9 سال قید اور 80ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ اسے تھانہ سول لائنز پولیس نے نومبر 2025 میں گرفتار کیا (بقیہ نمبر 4 5)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس پولیس افسران اور شہریوں کی شکایات و مسائل سن کر ان کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی احکامات جاری کر رہے ہیں

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز محمد عتیق طاہر اور اے آئی جی لاجسٹکس عبدالحق عمرانی کے ساتھ اہم میٹنگ کر رہے ہیں

ایس ایس پی انوسٹی گیشن ناصر علی کی کھلی کچہری

شہریوں کو معیاری سہولیات کی فراہمی راولپنڈی پولیس کی اولین ترجیح ہے

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹیگیشن ناصر علی خان نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں انہوں نے شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو ان کے فوری اور قانونی حل کے لیے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مارک شدہ درخواستوں پر (بقیہ نمبر 4 6)

ڈگری، سالانہ قدیمی شبِ بیداری، مجلسِ عزا اور ماتمداری کا اہتمام

پروگرام کے اختتام پر عزاداران اور شرکاء میں نیازِ امام حسین علیہ السلام تقسیم کی گئی

ڈگری (رپورٹ محمد عاصم آرائیں) ہر سال کی طرح اس سال بھی سالانہ قدیمی شبِ بیداری، مجلسِ عزا اور ماتمداری، جناب بی بی پاک مخدومہ جناب سکینہ سلام اللہ علیہا بنتِ امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے سلسلے میں مرکزی امام بارگاہ باب العلم محمد شاہ جیلانی پڑ، ڈگری میں ڈویژنل میر پور خاص تحفظِ عزاداری سیل کے چیئرمین اور مرکزی امام بارگاہ باب العلم محمد شاہ جیلانی پڑ کے چیئرمین زوار سید بشیر احمد شاہ نقوی کی قیادت میں منعقد کی (بقیہ نمبر 3)

ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ ندیم ناصر اوپن ڈور پالیسی کے تحت باقاعدگی سے عوامی شکایات سن کر ان پر احکامات جاری کر رہے ہیں

قتل اور اقدام قتل کیس کا اشتہاری دو سال بعد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ جاتلی پولیس نے قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا، جو اگست 2023 سے پولیس کو مطلوب تھا۔ تفصیلات کے مطابق اشتہاری نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ ذاتی رنجش پر فائرنگ کر کے ایک شہری کو قتل جبکہ دوسرے کو زخمی کر دیا تھا۔ پولیس نے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے ملزم کو گرفتار کیا۔

صادق آباد پولیس کی کارروائی، امانت میں خیانت کیس کا اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ صادق آباد پولیس نے امانت میں خیانت کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا، جو فروری 2026 سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مطلوب تھا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام دستیاب ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے کارروائی کی اور اشتہاری کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ اشتہاری اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔

نواز شریف لاہور ہیریٹیج ایریا ریوائیول بورڈ کے سربراہ مقرر

لاہور(این این آئی) سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف کو لاہور ہیریٹیج ایریا ریوائیول بورڈ کے سربراہ مقرر ہو گئے۔ گورنر پنجاب نے بطور ایم این اے لاہور ہیریٹیج ایریا ریوائیول بورڈ کا سربراہ مقرر کر دیا جس کے بعد سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ پنجاب والڈ سٹیز اینڈ ہیریٹیج ایریاز اتھارٹی ایکٹ 2012 کے تحت (بقیہ نمبر 3 8)

چہلم کے موقع پر ضابطہ اخلاق پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے

چہلم کے دوران ضلع بھر میں فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے جائیں گے

مسرور احمد بجارانی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون کشمور کا اجلاس سے خطاب

کندھکوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے جانثاروں کے چہلم کے موقع پر ضابطہ اخلاق پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ چہلم کے دوران ضلع بھر میں فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے جائیں گے۔ مسرور احمد بجارانی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون کشمور @ کندھکوٹ تفصیلات کے مطابق آج ڈپٹی کمشنر آفس میں چہلم حضرت امام حسین علیہ السلام کے انتظامات کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مختلف مکاتبِ فکر کے علمائے کرام، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر، تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، ڈی ایچ او، ڈی ایم پی پی ایچ آئی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ (بقیہ نمبر 4)

مویشیوں کے ڈیرے کے ملازم کا اندھا قتل ٹریس، 2ملزمان گرفتار

ملزمان نے لین دین کے تنازعہ پر فرحان کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کا انکشاف کیا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ جاتلی پولیس نے مؤثر تفتیش کے ذریعے مویشیوں کے ڈیرے کے ملازم کے اندھے قتل کا سراغ لگا کر دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق مویشیوں کے ڈیرے کا مالک اور اس کا ساتھی ہی قتل میں ملوث نکلے۔ تفصیلات کے مطابق مقتول فرحان کی لاش تین ہفتے قبل ڈیرے کے قریب سے ملی تھی، جس پر پولیس کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کی گئیں۔ تفتیش کا دائرہ وسیع کرنے پر شواہد کی بنیاد (بقیہ نمبر 4 7)

ایس پی ٹریفک ماجد اقبال سکھیرا بھرتی سنٹر میں موجود، اسلام آباد پولیس بھرتی کے لیے جاری ٹیسٹ کے انتظامات اور امیدواروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا از خود جائزہ لیتے ہوئے

ڈپٹی انسپکٹر جنرل اسلام آباد محمد جواد طارق کی زیرِ صدارت اجلاس

اسلام آباد پولیس کے تھانوں کی تعمیر و تزئین کے منصوبوں کا جائزہ، بروقت تکمیل کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی) اسلام آباد محمد جواد طارق کی زیرِ صدارت اسلام آباد پولیس کے تھانوں کی تعمیر، تزئین و آرائش اور جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تمام منصوبے اعلیٰ معیار، شفافیت اور مقررہ مدت میں مکمل کرنے (بقیہ نمبر 4 8)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا سنٹرل پولیس آفس کینٹین کا دورہ۔ کینٹین عملہ سے کھانے کے معیار و صفائی ستھرائی کے متعلق دریافت کیا اور معیار مزید بہتر بنانے کے بارے میں ہدایات دیں

تلہ گنگ، گرلز ہائی سکول نمبر 1 میں سولر سسٹم کا افتتاح

مزید 128 سکول شمسی توانائی پر منتقل کرنے کا منصوبہ ہے ڈپٹی کمشنر چکوال

چکوال/تلہ گنگ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نمبر 1 تلہ گنگ میں سولر سسٹم کا افتتاح کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں جدید سہولیات اور ماحول دوست توانائی کا فروغ حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے۔ افتتاحی تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر تلہ گنگ، چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن، محکمہ تعلیم کے افسران، اساتذہ، طلبہ اور شہریوں نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ سولر سسٹمز کی تنصیب سے بجلی کی بلاتعطل فراہمی، تعلیمی سرگرمیوں میں بہتری اور سرکاری (بقیہ نمبر 4 9)

ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کا تحصیل لاوہ کا دورہ

ترقیاتی منصوبوں، عوامی سہولیات اور صحت کی خدمات کا جائزہ لیا

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے تحصیل لاوہ کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر لاوہ ثنا ندیم کے ہمراہ جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی سہولیات اور صحت کی خدمات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام سکیمیں حکومت پنجاب کی پالیسی، اعلیٰ تعمیراتی معیار اور مقررہ مدت کے مطابق مکمل کی جائیں۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

پولیو بوسٹر ڈوز مہم 8 اگست سے شروع کی جائے گی

پولیو بوسٹر ڈوز سے متعلق آگاہی سیشن، علمائے کرام، والدین اور معاشرے کے ہر فرد کو مہم کی کامیابی کیلئے بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے

والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کو مقررہ وقت پر پولیو بوسٹر ڈوز ضرور دلوائیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مسرور احمد بجارانی کندھکوٹ:

کندھکوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ: پولیو بوسٹر ڈوز سے متعلق آگاہی سیشن، علمائے کرام، والدین اور معاشرے کے ہر فرد کو مہم کی کامیابی کے لیے بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مسرور احمد بجارانی کندھکوٹ: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون کشمور @ کندھکوٹ مسرور احمد بجارانی کی زیرِ صدارت پولیو بوسٹر ڈوز سے متعلق ایک اہم آگاہی سیشن منعقد ہوا، جس میں مختلف مکاتبِ فکر کے (بقیہ نمبر 5)

ایس ایس پی سی ٹی ڈی/اے آئی جی آپریشنز سعود خان نے فیصل آباد ٹیسٹ سنٹر میں اسلام آباد پولیس کی بھرتی کے سلسلے میں جاری فزیکل اینڈ بورنس ٹیسٹ، انتظامات اور سکیورٹی کا جائزہ لیا

آصفہ بھٹو زرداری کا لیاری میں سپینسر آئی ہسپتال کا دورہ

کراچی (این این آئی) خاتون اول اور رکن قومی اسمبلی بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے لیاری میں واقع سپینسر آئی ہسپتال کا دورہ کیا، یہ ہسپتال حال ہی میں میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور حکومت سندھ نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت جدید طرز پر بحال کیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے منگل کو جاری بیان کے مطابق اس ہسپتال میں روزانہ تقریباً 4,000 مریضوں کو او پی ڈی کی سہولت مفت فراہم کی جا رہی ہے۔ اپریل 2026 سے اب تک 700 سے زائد لیزر اور دیگر طبی پروسیجرز (بقیہ نمبر 5 0)

بجلی 1روپے 20پیسے یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست پر سماعت آج ہوگی

لاہور(این این آئی) بجلی 1روپے 20پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست پر نیپرا میں سماعت آج (بدھ) کے روز ہوگی۔ سنٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی کی جانب سے جون کی ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی درخواست نیپرا میں جمع کرائی گئی ہے جس پر سماعت کے بعد حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔ اس سے قبل مئی کی ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی 34 پیسے فی یونٹ مہنگی کی گئی تھی جس کا اطلاق رواں ماہ کے بجلی بلوں میں کیا گیا۔

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کا تھانہ شالیمار، مارگلہ کا دورہ

قاضی علی رضا کا چار اسپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشنز کا دورہ، عوام دوست پولیسنگ پر زور

اسلام آباد(این این آئی) سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس ایس پی) آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اسپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشنز (SIPS) پروگرام کے تحت تھانہ شالیمار، مارگلہ، ترنول اور رمنا کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ترقیاتی منصوبوں، عوامی سہولیات اور سروس ڈیلیوری کا جائزہ لیتے ہوئے مقررہ مدت میں منصوبوں کی تکمیل (بقیہ نمبر 5 1)

لاہور میں پہلے چھ ماہ میں جیب تراشی کی 12ہزار سے زائد وارداتیں

گزشتہ سال کے مقابلے میں امسال وارداتوں میں 8فیصد اضافہ ہوا' رپورٹ

لاہور(این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں گزشتہ برس کی نسبت رواں سال جیب تراشی کی وارداتوں میں مجموعی طور پر 8فیصد اضافہ ہو گیا۔ سال 2025 کے پہلے 6ماہ کے دوران جیب تراشی کے 11ہزار 258مقدمات درج ہوئے، رواں سال کے پہلے 6ماہ کے دوران جیب تراشی کی 12ہزار 202وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق صدر ڈویژن میں گزشتہ برس جیب تراشی کے 2044، رواں سال 2286 مقدمات (بقیہ نمبر 5 2)

کندھ کوٹ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف بھرپور احتجاج

شہری، سیاسی و سماجی رہنما، صحافی، ڈاکٹر اور کمسن بچے سڑکوں پر نکل آئے، سیپکو اور گرڈ اسٹیشن انتظامیہ کے خلاف شدید نعرے بازی

شدید گرمی کے موسم میں بجلی کی مسلسل بندش نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، وفاقی وزیر توانائی سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ): آل پارٹیز موومنٹ کی کال پر کندھ کوٹ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، بجلی کی طویل بندش، بار بار ٹرپنگ اور سیپکو انتظامیہ کی مبینہ ناقص کارکردگی کے خلاف کندھ کوٹ پریس کلب کے سامنے ایک بڑا احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاج میں مختلف سیاسی، سماجی، مذہبی اور عوامی تنظیموں کے رہنماؤں، ڈاکٹروں، صحافیوں، وکلاء، تاجروں، شہریوں، بزرگوں، خواتین اور کمسن بچوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا (بقیہ نمبر 6)

ایس ڈی پی او صدر سرکل خان محمد بلوچ گلگت ٹیسٹ سنٹر میں موجود۔ بھرتی کے لیے جاری ٹیسٹ کے انتظامات کا از خود جائزہ لیتے ہوئے

خانو آنہ بائی پاس چوک، مزدا منی ٹرک کی مسافر رکشہ کو ٹکر

ایک ہی خاندان کے 3افراد جان کی بازی ہار گئے، 3شدید زخمی

کموانہ(این این آئی (فیصل آباد خانو آنہ بائی پاس چوک پر مزدا منی ٹرک نے مسافر رکشہ کو ٹکر مار دی، جس کے نتیجے میں ایک ہی خاندان کے 6 افراد متاثر ہوئے۔ حادثے میں 3افراد موقع پر جاں بحق جبکہ 3افراد شدید زخمی ہو گئے۔ جاں بحق افراد میں 50 (بقیہ نمبر 5 4)

کمشنر پنجاب سوشل سکیورٹی کی زیر صدارت جائزہ اجلاس

ریکوری اہداف کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، ذوالفقار علی کھرل

لاہور(این این آئی) کمشنر پنجاب سوشل سکیورٹی ذوالفقار علی کھرل کی زیر صدارت ہیڈ آفس میں ڈائریکٹوریٹس آف سوشل سکیورٹی کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں لاہور (سٹی)، شیخوپورہ، فیصل آباد (نارتھ)، گجرات اور سیالکوٹ ڈائریکٹوریٹس کے ریکوری اہداف اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ ڈائریکٹرز اور افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران متعلقہ ڈائریکٹرز کی جانب سے ریکوری (بقیہ نمبر 5 5)

مری، ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایت پر قائم کی گئی کمانڈ پوسٹ پر ضلعی انتظامیہ اور ریسکیو 1122 کے اہلکار ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کا پیرا فورس اسٹیشن پر اچانک دورہ، 8ملازمین معطل

اوکاڑہ(این این آئی) ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے پیرا فورس اسٹیشن کا اچانک دورہ کیا اور ڈیوٹی سے غیر حاضری، غفلت اور نظم و ضبط کی سنگین خلاف ورزی پر انفورسمنٹ آفیسر سمیت 8 ملازمین کو موقع پر معطل کر دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اسٹیشن کے ریکارڈ اور حاضری رجسٹر کا تفصیلی جائزہ لیا، جس کے دوران متعدد ملازمین بلا اطلاع غیر حاضر پائے گئے۔ انہوں نے ڈسپلن کی خلاف ورزی اور ڈیوٹی میں لاپرواہی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 5 3)

نئے تعینات ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

لاہور(این این آئی) نئے تعینات ہونے والے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب بیرسٹر ظفر اللہ خان نے عہدے کا باضابطہ چارج سنبھال لیا۔ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب آفس پہنچنے پر لاء افسران نے ان کا استقبال کیا اور انہیں گلدستہ پیش کیا۔ ایڈووکیٹ جنرل نے دفتر کے تمام لاء افسران سے ملاقات بھی کی۔ بیرسٹر ظفر اللہ خان کی بطور ایڈووکیٹ جنرل پنجاب تعیناتی امجد پرویز کا نام لاہور ہائیکورٹ کے جج کیلئے منظور ہونے کے بعد عمل میں آئی ہے۔

مری سیاحوں اور شہریوں کی حفاظت کیلئے کمانڈ پوسٹ قائم

متعلقہ محکموں کے اہلکار کسی بھی ہنگامی صورتحال میں سیاحوں کو فوری اور مؤثر امدادی خدمات فراہم کرنے کے لیے ہائی الرٹ ہیں

محکمہ موسمیات اور ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر عمل کریں، کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں، ڈپٹی کمشنر مری

مری(این ای این) مری مون سون سیزن کے پیشِ نظر ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایت پر سیاحوں اور شہریوں کی رہنمائی اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے مرکزی سیاحتی مقام گھبت زار پارک، مال روڈ مری پر کمانڈ پوسٹ قائم کر دی گئی ہے، کمانڈ پوسٹ پر ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، پیرا فورس سمیت متعلقہ محکموں کے اہلکار کسی بھی ہنگامی صورتحال میں سیاحوں کو فوری اور مؤثر امدادی خدمات فراہم کرنے کے لیے ہائی الرٹ ہیں، اسی طرح جھیکا گلی، لوئر ڈھک، (بقیہ نمبر 7)

جیل میں عالیہ حمزہ پر قاتلانہ حملے کی اطلاع ملی ہے' سلمان اکرم راجہ

واقعہ کی فی الفور شفاف تحقیقات کی جائیں، عدالت میں طبی معائنے کی درخواست دائر

لاہور(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ کوٹ لکھپت جیل میں قید پارٹی کی خاتون رہنما عالیہ حمزہ پر قاتلانہ حملے کی اطلاع ملی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق سلمان اکرم راجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ واقعہ کی فی الفور شفاف تحقیقات کی جائیں، حملہ آور اور ذمہ دار عملہ کے خلاف مقدمات درج کئے جائیں، عدالت میں ان کے طبی معائنے اور تحفظ کی درخواست دائر کریں گے۔ قبل ازیں سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک صحافی نے الزام عائد کیا کہ جیل میں 2خواتین نے پی ٹی آئی رہنما عالیہ حمزہ اور کارکن فلک جاوید کے گلے دبانے کی کوشش کی۔

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data b